بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی
جلد نمبر 21 | بروز پیر 14 ستمبر 2026ء / یکم ربیع الثانی 1448ھ / قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 246

بندوق کے زور پر مذاکرات نہیں ہو سکتے، ضیاء لانگو

ہمیں مل کر دہشت گردی، تشدد اور نفرت کو مسترد کرنا ہوگا جو عناصر ہمارے امن کو تباہ، عوام کو تقسیم اور معصوم جانوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں

آئین کو تسلیم کرنے والوں کے لیے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، دہشت گردی اور نفرت کو مل کر مسترد کرنا ہوگا، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں اب اس بحث سے نکلنا ہوگا کہ مذاکرات کس سے ہونے چاہئیں اور کس سے نہیں، بلکہ اپنی توجہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور عوام کے بہتر مستقبل پر مرکوز کرنا ہوگی ہمیں مل کر دہشت گردی، تشدد اور نفرت کو مسترد کرنا ہوگا جو عناصر ہمارے امن کو تباہ، عوام کو تقسیم اور معصوم جانوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، ان کے عزائم کو کامیاب نہیں ہونے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

خطے میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود ایران سے پاکستان کی درآمدات میں 17 فیصد اضافہ ریکارڈ

جولائی اور اگست 2026 کے دوران درآمدات 17 فیصد بڑھ کر 24 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہیں

اسلام آباد (اے این این) خطے میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود ایران سے پاکستان کی درآمدات میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق جولائی اور اگست 2026 کے دوران ایران سے پاکستان کی درآمدات 17 فیصد بڑھ کر 24 کروڑ 80 لاکھ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

پنوم پنھ: چیئرمین سینیٹ آف پاکستان اور انٹر پارلیمانی سپیکرز کانفرنس (ISO) کے بانی چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی دوسری ISC کے موقع پر رائل پیلس کے تھرون ہال میں شاہی دربار سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کا سعودی ولی عہد سے رابطہ، حوثی باغیوں کے حملوں پر اظہار مذمت

حوثیوں کی حالیہ کارروائیاں علاقائی امن وسلامتی کے لیے خطرہ ہیں اور عالمی معیشت اور توانائی کی فراہمی میں مزید خلل کا باعث بن سکتی ہیں، وزیراعظم

شہباز شریف نے اس موقع پر خادم حرمین شریفین، شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کیلئے اپنی نیک خواہشات اور دلی احترام کا بھی اظہار کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آج سہ پہر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم، عزت مآب شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ نہایت گرم جوشی اور دوستانہ ماحول میں ہوئی اس گفتگو کے دوران وزیراعظم نے سعودی عرب پر حوثیوں کی جانب سے حالیہ حملوں، بالخصوص سعودی عرب کے شہری اور اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے سعودی قیادت اور برادر سعودی عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حوثیوں کی حالیہ کارروائیاں علاقائی امن وسلامتی کے لیے خطرہ ہیں اور عالمی معیشت اور توانائی کی فراہمی میں مزید خلل کا باعث بن سکتی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کے ہمراہ کشیدگی میں کمی لانے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم نے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

نارووال: نیشنل سپورٹس سٹی میں طالبات شجرکاری کی مناسبت سے وفاقی وزیر احسن اقبال کو پورٹریٹ پیش کر رہی ہیں

سلامتی کونسل دہشتگردی کیخلاف موجودہ نظام سے خامیاں دور کرے، پاکستان

پاکستان نے اس جنگ میں بہت بھاری قیمت چکائی ہے، تین برسوں میں 4700 سے زائد پاکستانی دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ چکے، عاصم افتخار احمد

غیر ملکی قبضے کی صورت حال میں بھی احتساب کا اطلاق ہونا چاہئے، قابض قوتوں کو جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا سلامتی کونسل میں خطاب

نیویارک (اے این این) پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف نئے، جامع اور دور اندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے اپنے انسداد دہشت گردی کے ڈھانچے کو مضبوط بنائے اور پابندیوں کے موجودہ نظام میں پائی جانے والی خامیوں کو دور کرے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب نے دہشت گردی کی کارروائیوں سے بین الاقوامی امن اور سیکورٹی کو لاحق خطرات، نائن الیون کے 25 سال بعد۔ دہشت گردی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

محکمہ جنگلات کی پوسٹیں 20 لاکھ روپے تک میں دی جا رہی ہیں، نور محمد دومڑ

محکمہ جنگلات کی 300 آسامیوں میں بے ضابطگیوں کی شکایات پر تحقیقات کا حکم، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید و فروخت کا معاملہ ایک بار پھر شدت اختیار کر گیا ہے۔ صوبائی وزیر خوراک نور محمد دومڑ نے محکمہ جنگلات میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بعض پوسٹیں 10 لاکھ، 15 لاکھ اور 20 لاکھ روپے تک میں دی جا رہی ہیں۔ نور محمد کا کہنا ہے کہ سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید و (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ہانگ کانگ: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان کی ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کے چیئرمین اور سینئر نمائندوں سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی مشیر بلدیات کی کوششیں بار آور، آل بلوچستان لوکل کونسل فورم نے احتجاج موخر کر دیا

ایل سی ایف سی کا اجلاس جلد بلانے کی یقین دہانی پر کوئٹہ میں شیڈول احتجاج فی الفور منسوخ کر دیا گیا، فورم کا خیر مقدم

ژوب (یو این اے) آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی جانب سے لوکل کونسل فنانس کمیشن (LCFC) کا اجلاس منعقد نہ ہونے کے خلاف کوئٹہ میں کل احتجاج کا اعلان کیا گیا تھا۔ فورم کو یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری کی خصوصی کوششوں اور مثبت کردار کے نتیجے میں لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس بہت جلد منعقد ہونے جا رہا (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

عمران خان کی زندگی کو شدید خطرات لاحق ہیں، علیمہ خان

سوشل میڈیا پر ان کی صحت بگڑنے، بلڈ پریشر میں ناہمواری اور ذہنی تناؤ کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں

اسلام آباد (اے این این) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے ایک بار پھر اپنے بھائی کی صحت اور اڈیالہ جیل میں ان کی سلامتی کے حوالے سے شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان نے سختیوں کے باوجود ہمت نہیں ہاری، نہ ہی اپنے موقف سے پیچھے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، رانا ثناء اللہ

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، ابھی بہت وقت ہے، چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں

صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروا دیا گیا

لاہور (اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ن لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سمیت دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کے پراجیکٹ پر مبینہ طور پر مسلم لیگ ن سے گفتگو ہوئی ہوگی، اگر پراجیکٹ بنانے والوں نے ن لیگ سے بات کی اور ہم نے اسے متعارف نہیں کروایا تو لٹھ لے کر (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

آئی ایم ایف کا پاکستان کے تمام اہداف پر اظہار اطمینان

مشن کی ملک آمد کی تاحال کوئی تصدیق نہیں ہوئی، ہوسکتا ہے مذاکرات ورچوئل ہوں، ذرائع وزارت خزانہ

اسلام آباد (اے این این) آئی ایم ایف مشن کی اگلی قسط کے اقتصادی جائزے پر مذاکرات کیلئے رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی۔ ذرائع وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے مشن کی ملک آمد کی تاحال کوئی تصدیق نہیں ہوئی اس لئے ہو سکتا ہے کہ آئی ایم ایف (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

مسجد اقصیٰ پر یہودی انتہا پسندوں کا دھاوا، 480 افراد صحن میں داخل ہو گئے

مقبوضہ بیت المقدس (اے این این) مقبوضہ بیت المقدس میں سیکڑوں یہودی انتہا پسندوں نے مسجد اقصیٰ پر دھاوا بول دیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

چیئرمین سینیٹ گیلانی کی قائدانہ بصیرت سے پاکستان کی پارلیمانی سفارت کاری مزید مستحکم

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی پارلیمانی سفارت کاری کے فروغ اور دنیا بھر کی پارلیمانوں کے ساتھ پاکستان کے روابط مزید مضبوط بنانے کیلئے مسلسل کاوشوں کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

افغانستان پڑوسی ملک پاکستان کیخلاف دہشتگردی کا اہم مرکز بن چکا ہے، رپورٹ

القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں، واشنگٹن پوسٹ

اسلام آباد، واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کے مؤقر جریدے واشنگٹن پوسٹ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ نائن الیون کے 25 سال بعد افغانستان ایک بار پھر القاعدہ کیلئے تربیتی مرکز بن رہا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی خصوصی رپورٹ میں کہا گیا کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ نے افغانستان میں کم از کم 8 نئے تربیتی مراکز قائم کیے، طالبان رجیم نے القاعدہ اور دیگر (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

سہیل آفریدی، جنید اکبر یا جو بھی نااہل ہو جائے لانگ مارچ تو ہوگا، جنید اکبر

کارکنان بغیر ورکر نکل آئے تو ان کو سنبھالنا مشکل ہو جائے گا، پی ٹی آئی رہنما کی گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر خان نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی، جنید اکبر یا جو بھی نااہل ہو جائے لانگ مارچ تو ہوگا، یہ ان لوگوں کی غلط فہمی ہے کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ نہیں ہو سکے گا، پی ٹی آئی کے ہر ورکر میں صلاحیت ہے کہ وہ احتجاج کو لیڈ کر سکے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں اگست تک 13 ارب 90 کروڑ ڈالر موصول ہوئے، سٹیٹ بینک

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے صرف اگست میں 25 کروڑ 90 لاکھ ڈالر جمع کرائے، رپورٹ

کراچی (اے این این) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (آر ڈی اے) میں اگست 2026 تک مجموعی طور پر 13 ارب 90 کروڑ (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بائیک، رکشہ، 800 سی سی تک گاڑیوں کیلئے پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا اعلان

موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کیلئے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا

اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا

لاہور (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف نے مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور اسکے باعث عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایک خصوصی ریلیف سکیم کا اجراء کر دیا ہے جس کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

نادرا کی شہریوں کیلئے نئی سہولت متعارف، سرٹیفکیٹ لینے دفتر جانے کی ضرورت نہیں ہوگی

شہری گھر بیٹھے اپنی پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے اس سہولت سے مستفید ہو سکتے ہیں، نادرا حکام

اسلام آباد (اے این این) نیشنل ڈیٹا بیس رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شہریوں کیلئے نئی سہولت متعارف کرا دی، اب پیدائش، وفات، شادی اور طلاق سے متعلق سرٹیفکیٹس کے حصول کا عمل مزید آسان بنا دیا گیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق نادرا حکام نے شہریوں کو مطلع کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

وزیر مملکت کا پاسپورٹ آفس ٹیکسلا میں پاسپورٹ کے اجرا کی مبینہ بندش کا نوٹس

پاسپورٹ اجرا کی سہولت ختم نہیں کی گئی بلکہ ذمہ داری نادرا کو منتقل کر دی گئی ہے، بیرسٹر عقیل کی گفتگو

ٹیکسلا (اے این این) وفاقی وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے پاسپورٹ آفس ٹیکسلا میں پاسپورٹ کے اجرا کی مبینہ بندش کے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈائریکٹر امیگریشن اینڈ پاسپورٹس اسلام آباد فیاض حسین کے ہمراہ عوام میں پائی جانے والی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

غزہ میں اسرائیلی حملے میں دو فلسطینی شہید، 13 زخمی، گاڑی تباہ

جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوج کی جنگ بندی کی خلاف ورزی، مختلف علاقوں پر فضائی بمباری

غزہ، بیروت (اے این این) غزہ کی پٹی میں اتوار کے روز ایک اسرائیلی فضائی حملے میں گاڑی میں سوار کم از کم دو فلسطینی شہید اور 13 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق مغربی غزہ شہر کے تل الحوا محلے میں ہونے والے حملے میں گاڑی تباہ ہو گئی۔ مقامی طبی عملے نے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کیلئے ٹینڈرز طلب کر لئے

بولیاں 29 ستمبر تک جمع کرائی جا سکیں گی، اسی روز ہی کھولی جائیں گی

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کے لیے ٹینڈرز طلب کر لئے۔ اسلام آباد اور راولپنڈی کی رجسٹرڈ ادویات فراہم کرنے والی فرمز بولیاں جمع کرا سکیں گی، بولی دینے والی فرموں کا ای پیڈز پر رجسٹرڈ ہونا ضروری قرار دیا گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

بلوچستان پولیس کا خود احتسابی کا عمل سخت، 6 ماہ کے دوران 6 اہلکار ملازمت سے فارغ

شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی 615 میں سے 562 شکایات پر کارروائی مکمل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس کے خود احتسابی بیورو نے گزشتہ 6 ماہ کے دوران محکمہ پولیس میں بدعنوانی اور اختیارات سے تجاوز سمیت مختلف شکایات پر کارروائی کرتے ہوئے 6 اہلکاروں کو ملازمت سے فارغ کر دیا، جبکہ 3 اہلکاروں کو جبری ریٹائر اور دیگر 3 کو نوکری (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

جماعت اسلامی اسلام آباد
Jamaat-e-Islami Islamabad
اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پٹرولیم لیوی مذاکرات، احسن اقبال کا جماعت اسلامی سے رابطہ، مزید ایک روز کی مہلت مانگ لی

حکومت کے ساتھ مذاکرات اب منگل کو ہوں گے، آئی پی پیز کے معاملے پر بات چیت بدھ کو کی جائے گی، لیاقت بلوچ

لاہور (اے این این) حکومت نے جماعت اسلامی سے پٹرولیم لیوی پر مذاکرات کے لئے مزید ایک روز کی مہلت مانگ لی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا اور حکومت کی جانب سے مذاکرات کے تیسرے دور (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

صوبوں کے معاملے پر حالات خراب ہوئے تو ہم سب اندر ہوں گے، حذیفہ رحمان

صوبوں کا معاملہ جوں کا توں رہا تو ہم سکندر رہوں گے، اگر جوں کا توں نہ رہا تو ہم قلندر رہوں گے

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے کہا ہے کہ صوبوں کے معاملے پر اگر حالات زیادہ خراب ہوئے تو ہم سب اندر ہوں گے۔ ایک انٹرویو (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے
مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk
وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

پہلا مرحلہ: رجسٹریشن کا طریقہ کار
REG <CNIC> <Plate No> <Province Code> <Registration Date>
- اپنے موبائل کے میسج میں رجسٹر REG لکھ کر (space) دیں
- اپنا شناختی کارڈ نمبر لکھ کر (space) دیں
- گاڑی کا رجسٹریشن نمبر لکھیں (space) دیں
- صوبہ: صوبے کے نام کا پہلا حرف لکھ کر (space) دیں
- رجسٹریشن کی تاریخ: DDMMYYYY لکھ کر

صوبے کے نام کا پہلا حرف	
Islamabad	I
AJK	A
GB	G
Sindh	S
Punjab	P
KPK	K
Balochistan	B

9771 پر بھیج دیں۔
رجسٹریشن مکمل ہونے پر تصدیقی میسج موصول ہوگا۔

دوسرا مرحلہ: ٹوکن لینے کا طریقہ
رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے
پٹرول پمپ جانے سے پہلے
TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔
موصول ہونے والے میسج میں
ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور
ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

تیسرا مرحلہ: رعایتی پٹرول کا حصول
ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی
قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

800cc
موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے
جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2011 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 20 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔
800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان
جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2006 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 30 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔

ملک بھر میں رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے

- اسلام آباد کے صارفین 14 اور 15 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کر سکیں گے۔
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جاسکے گا۔

PID(I) 2465-D/26

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی
ایڈیٹر انچیف ایم۔ ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبے کے تمام اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ سڑکوں، شاہراہوں، پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں' یہ بات انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جس کی ترقی کے لیے مربوط اور دیرپا منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ حکومت صوبے کے دوردراز اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات میسر آسکیں۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات صوبے میں سڑکوں کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہا ہے۔ معیاری اور پائیدار سڑکوں کی تعمیر سے نہ صرف عوام کو سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ تجارت، زراعت، صنعت اور دیگر معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ ترقیاتی بجٹ عوام کی حقیقی ضروریات اور امنگوں کے مطابق خرچ کیا جائے۔ ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور جہاں بھی تعمیراتی کام میں غفلت، ناقص میٹریل یا معیار کے خلاف ورزی سامنے آئی وہاں ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ترقی اور خوشحالی کی خواہش کی ہے۔

بقیہ 1

دیا جائے گا ہماری اصل طاقت اتحاد، تعلیم، محنت، شعور اور اپنے وطن سے محبت ہے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ قلم کو اپنا ہتھیار بنائیں، تعلیم حاصل کریں اور پارلیمانی و جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک اور قوم کی تقدیر بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو دیکھیں جہاں عوام اپنی ریاست اور آئینی اداروں کے ساتھ کھڑے ہو کر ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی جہاں ریاست اور آئین کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں کے سامنے ریاستی نظام کو کمزور کیا گیا ہو مذاکرات کے دروازے ان لوگوں کے لیے کھلے ہیں جو پاکستان کے آئین اور ریاستی نظام کو تسلیم کرتے ہیں، تاہم بندوق، دہشت گردی اور تشدد کے ذریعے اپنی بات منوانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسا بلوچستان اور پاکستان تشکیل دینا ہوگا جہاں امن، تعلیم، روزگار، ترقی اور خوشحالی ہو۔

بقیہ 2

ڈالر رہی، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں درآمدات کا حجم 21 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھا۔ ذرائع کے مطابق جنگ کے دوران بھی پاکستان کی ایران سے درآمدات جاری رہیں۔ پاکستان نے مالی سال 2025-26 کے دوران ایران سے ایک ارب 39 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی درآمدات کیں، جو گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 12 فیصد زیادہ تھیں۔ مالی سال 2024-25 میں ایران سے درآمدات کا حجم ایک ارب 24 کروڑ 10 لاکھ ڈالر رہا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2 4 - 2 0 2 3 میں ایران سے پاکستان کی درآمدات ایک ارب 3 کروڑ 70 لاکھ ڈالر، مالی سال 2022-23 میں 88 کروڑ ڈالر، مالی سال 2021-22 میں 77 کروڑ 38 لاکھ ڈالر، مالی سال 2020-21 میں 51 کروڑ 86 لاکھ ڈالر جبکہ مالی سال 2019-20 میں 44 کروڑ ڈالر رہیں۔

بقیہ 3

فروخت کے باعث میرٹ اور شفافیت کے اصول متاثر ہو رہے ہیں، جس کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ دوسری جانب بلوچستان حکومت نے محکمہ جنگلات کی تقریبا 300 آسامیوں پر بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ حکام کی جانب سے بھرتیوں کے عمل اور سامنے آنے والی شکایات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی محکموں کے انتظامی سیکرٹریز سے حلف لیا ہے کہ وہ سرکاری ملازمتوں کی خرید و فروخت نہیں ہونے دیں گے اور بھرتیوں کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور قواعد وضوابط کی پابندی یقینی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا ہے کہ اگر کسی محکمہ میں ملازمتوں کی خرید وفروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی یہ واضح ہو سکے گا کہ محکمہ جنگلات میں بھرتیوں سے متعلق سامنے آنے والے الزامات میں کس حد تک صداقت ہے اور ذمہ داری کن افراد پر عائد ہوتی ہے۔

بقیہ 4

کے خلاف سلامتی کونسل کی لڑائی کی تجدید کے موضوع پر سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عاصم افتخار نے سات پاکستانیوں سمیت نائن الیون کے دہشت گرد حملوں کا نشانہ بننے والوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امریکی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ نائن الیون پر عالمی ردعمل کا ذکر کرتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں سلامتی کونسل نے فوری کارروائی کی، جس میں قرارداد 1373 کی منظوری بھی شامل ہے، جو تاحال اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی فریم ورک کا ایک اہم جزو ہے۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں پاکستان کے فرنٹ لائن کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں، انٹیلی جنس تعاون اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ سیکورٹی ہم آہنگی نے القاعدہ کی صلاحیتوں کو نمایاں حد تک کم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ القاعدہ کے خلاف بین الاقوامی مہم میں سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں۔ عاصم افتخار احمد نے زور دیا کہ پاکستان نے اس جنگ میں بہت بھاری قیمت چکائی ہے، رواں صدی کے آغاز سے اب تک سیکورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں اور عام شہریوں سمیت 90 ہزار سے زائد پاکستانی دہشت گردی کا نشانہ بن کر اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، جب کہ اس کے ساتھ ساتھ مسلسل معاشی نقصانات بھی اٹھانے پڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل نے 25 سال قبل ہنگامی بنیادوں، اتحاد اور عزم کے ساتھ ردعمل دیا تھا، لیکن اس کے بعد سے دہشت گردی کے خطرے کی نوعیت بدل چکی ہے، دہشت گردی کا منظرنامہ اب تبدیل ہو کر نئی شکل اختیار کر چکا ہے اور نئے خطرات ابھر کر سامنے آئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی انسداد دہشت گردی کے فریم ورک میں خامیوں کو دور کرنے کیلئے پابندیوں کے موجودہ نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے انتہائی دائیں بازو کی شدت پسندی کے عروج، افریقہ، مشرق وسطی اور افغانستان میں دہشت گردی کے مسلسل خطرے کے ساتھ ساتھ دہشت گردوں کے پروپیگنڈے، ذہن سازی، بھرتی، روابط اور مالی اعانت کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی اجاگر کیا۔ افغانستان سے پنپنے والی دہشت گردی پر خاص تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تین برسوں کے دوران 4700 سے زائد پاکستانی دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔ انہوں نے ٹی ٹی پی، بی ایل اے، ای ٹی آئی ایم اور داعش سمیت دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر بین الاقوامی کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔ عاصم افتخار نے انہوں نے دہشت گردوں کی مالی اعانت کیلئے ڈارک ویب، ورچوئل اثاثوں اور کرپٹو کرنسیوں کے بڑھتے ہوئے استعمال سے بھی خبردار کرتے ہوئے کہا کہ قواعد وضوابط کی عدم موجودگی میں، یہ خطرہ یقینی طور پر کئی گنا بڑھ جائے گا۔ انہوں نے انسداد دہشت گردی کیلئے جامع نقطہ نظر پر زور دیا، جس میں اقوام متحدہ کی عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کے چاروں ستونوں پر متوازن عمل درآمد اور دہشت گردی کے بنیادی اسباب اور اس کیلئے سازگار حالات سے نمٹنے پر زیادہ توجہ دینا شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی قبضے کی صورت حال میں بھی احتساب کا اطلاق ہونا چاہیے، اور کہا کہ قابض قوتوں کو جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے اور انہیں اپنا حق خودارادیت استعمال کرنے والے عوام کے خلاف اسختی کے ساتھ کارروائی کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ عاصم افتخار نے کہا کہ بین الاقوامی ردعمل کو دہشت گردی کے تیزی سے بدلتے ہوئے خطرے سے آگے رہنا چاہیے، دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی ردعمل کو تیز تر ہونا چاہیے، بلکہ تیزی سے ابھرتے ہوئے خطرے سے آگے ہونا چاہیے۔ انہوں نے سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داری اٹھائے، اس بات کو یقینی بنائے کہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، اور اس عالمی خطرے کے خلاف ایک متحد اور اجتماعی محاذ بنانے کیلئے بین الاقوامی تعاون اور علاقائی ہم آہنگی کو مضبوط کرے۔

بقیہ 5

ہے۔ صوبائی مشیر بلدیات کی جانب سے لوکل کونسلز کے مسائل کے حل اور فنانس کمیشن کے اجلاس کے انعقاد کے لیے کی جانے والی کوششوں کو آل بلوچستان لوکل کونسل فورم قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ لہٰذا موجودہ پیش رفت اور یقین دہانی کے پیش نظر آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کل کوئٹہ میں ہونے والا احتجاج فی الفور منسوخ کرنے کا اعلان کرتا ہے۔ فورم امید کرتا ہے کہ لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس جلد از جلد منعقد کر کے مقامی حکومتوں کے نان سیلری و ترقیاتی فنڈز، منتخب نمائندگان کے واجبات اور دیگر درپیش مالی مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 6

موجودہ بحران کے دوران دانشمندانہ اور دور اندیش قیادت پر سعودی ولی عہد کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے اس موقع پر خادم حرمین شریفین، شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے اپنی نیک خواہشات اور دلی احترام کا بھی اظہار کیا۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے سعودی عرب کے لیے پاکستان کی مسلسل اور ثابت قدم حمایت اور خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا اور جلد ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ 7

ہٹے، جس کے بعد انکی صحت اور ذہنی حالت سے متعلق یہ غلط بیانیہ گھڑا جا رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے ایک بیان میں علیمہ خان نے کہا کہ عمران خان کی زندگی کو اس وقت شدید خطرات لاحق ہیں، عمران خان کو اکتوبر 2025 میں مکمل تنہائی میں رکھے جانے سے پہلے وہ بالکل تندرست اور صحت مند تھے، تاہم دسمبر کے آخر تک ان کی ایک آنکھ کی بینائی متاثر ہونا شروع ہوئی، جیل سپرنٹنڈنٹ کو مسلسل مطلع کرنے کے باوجود دو ہفتے تک انہیں ڈاکٹر کی سہولت فراہم نہیں کی گئی بعد ازاں ڈاکٹر نے تصدیق کی کہ اس تاخیر کی وجہ سے ان کی آنکھ کو مستقل نقصان پہنچا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جیل کی سی سی ٹی وی کی نگرانی کرنے والوں کو اس بات کی مکمل خبر تھی لیکن مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا گیا، جولائی کے آخر سے سوشل میڈیا پر ان کی صحت بگڑنے، بلڈ پریشر میں ناہمواری اور ذہنی تنا کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں اور ساتھ ہی مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ جعلی تصاویر اور ویڈیوز گردش کرائی جا رہی ہیں، عمران خان نے سختیوں کے باوجود ہمت نہیں ہاری اور نہ ہی اپنے موقف سے پیچھے ہٹے، جس کے بعد ان کی صحت اور ذہنی حالت سے متعلق یہ غلط بیانیہ گھڑا جا رہا ہے۔ علیمہ خان نے نشاندہی کی کہ 18 اگست 2026 کو سپریم کورٹ نے عمران خان کو شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا تاکہ ڈاکٹر عظمی خان اور ڈاکٹر فیصل سلطان کی موجودگی میں ان کا آزادانہ طبی معائنہ ہو سکے، تاہم 20 اگست کی طے شدہ مہلت کے باوجود اس حکم پر اب تک عملدرآمد نہیں کیا گیا، اب پرامن طور پر سڑکوں پر نکلنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں بچا، جس میں دو بنیادی مطالبات پیش کیے جائیں گے۔ ہمارا ایک مطالبہ یہ ہے کہ 18 اگست کے سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق عمران خان کو فوری طور پر شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے، اور دوسرا مطالبہ ہم یہ کرتے ہیں کہ القادر ٹرسٹ اور توشہ خانہ کیسز میں مہینوں سے التوا کا شکار ضمانت کی درخواستوں پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر یا تو فوری طور پر انصاف فراہم کریں یا پھر کیس سے الگ ہو جائیں۔

بقیہ 8

کے ساتھ مذاکرات ورچوئل ہوں۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، آئی ایم ایف کے اطمینان کی بڑی وجہ پاکستان کی طرف سے بانڈز جاری کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کا بڑھتا ہوا گردشی قرضہ حکومت کیلئے بڑا چیلنج ہو سکتا ہے، مذاکرات کے دوران گردشی قرض پر پاکستان کو سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات میں کمی کیلئے اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، جس کیلئے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے جبکہ رواں مالی سال کیلئے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط بھی بتائے گا۔

بقیہ 9

(آئی ایس سی) کی جانب سے سراہا گیا ہے، یہ پذیرائی 26 سے 28 اگست 2026 کو کمبوڈیا کے دارالحکومت نوم پنہ میں منعقد ہونے والی دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (ISC-2) میں ان کی قیادت اور فعال کردار کے اعتراف میں کی گئی۔ آئی ایس سی کے سیکرٹری جنرل معزز ایک ناتھ ڈھکال نے چیئرمین سینیٹ کے نام اپنے خط میں آئی ایس سی اور سینیٹ آف کمبوڈیا کے صدر سامدیک اکا موہا سینا پادئی تیچو ہن سین کی جانب سے کانفرنس میں ان کی شرکت اور گراں قدر کردار پر اظہار تشکر کیا۔

بقیہ 10

دہشت گرد گروہوں کیلئے افغانستان میں ایک مایوس کن ماحول پیدا کر رکھا ہے۔ رپورٹ کے مطابق القاعدہ کے محفوظ ٹھکانے اور تربیتی کیمپ افغانستان کے مختلف علاقوں میں دوبارہ فعال ہو رہے ہیں، القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ اب صرف پناہ گاہ نہیں بلکہ دیگر دہشت گرد گروہوں کو تربیت اور مشاورت فراہم کرنے کا کردار ادا کر رہی ہے، القاعدہ، افغانستان میں ٹی ٹی پی سمیت دیگر گروہوں کو خفیہ کارروائیوں اور سیکورٹی کے حوالے سے تربیت دے رہی ہے۔ بتایا گیا کہ اقوام متحدہ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ارکان ٹی ٹی پی کے لیے خودکش حملہ آوروں کی تربیت بھی کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی کے افغانستان میں تقریبا 7 ہزار جنگجو موجود ہونے کا اندازہ ہے جو پاکستان کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی نے افغانستان کے کم از کم 4 صوبوں میں کیمپ قائم کر رکھے ہیں، جن میں القاعدہ اور طالبان کے ملوث ہونے کی اطلاعات ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغان سرزمین سے ٹی ٹی پی کے پاکستانی فوجی چوکیوں اور دیگر اہداف پر سینکڑوں سرحد پار حملوں کا انکشاف ہوا ہے، طالبان رجیم کے زیر اثر افغانستان ٹی ٹی پی کے لیے محفوظ پناہ گاہ اور پاکستان مخالف دہشت گردی کا اہم مرکز بن چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ساتھ داعش خراسان بھی اپنے نیٹ ورک کو وسعت دے رہی ہے،

بقیہ 11

، یہ پی ٹی آئی کی قیادت ہے جو اپنے ورکرز کے سامنے کھڑی ہے، ہماری کوشش ہے کہ اداروں اور عوام میں تصادم نہ ہو، کارکنان بغیر ورکر نکل آئے تو ان کو سنبھالنا مشکل ہو جائے گا۔

بقیہ 12

کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ موٹر سائیکل، رکشہ، چنگ چی اور چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کیلئے خصوصی سکیم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگ چی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی سمیت دو پہیوں اور تین پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ بیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دیا جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں یعنی 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ میں لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا جبکہ پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جا، اس خصوصی ریلیف سکیم کی رجسٹریشن کا اجراء اتوار سے کر دیا گیا ہے، جس کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سکیم میں رجسٹریشن کیلئے موٹر سائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں کی معلومات فراہم کرنے کے حوالے سے تعاون پر صوبوں کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 13

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 9 ہزار 354 نئے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھلوائے، جس کے بعد ان اکاؤنٹس کی مجموعی تعداد 9 لاکھ 66 ہزار 144 ہو گئی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے اب تک مجموعی طور پر 2 ارب 13 کروڑ ڈالر واپس بھیجے جا چکے ہیں، جبکہ اگست کے دوران اکاؤنٹس سے ایک کروڑ 20 لاکھ ڈالر نکلوائے گئے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں جمع ہونے والی رقم میں سے اگست کے دوران 16 کروڑ 40 لاکھ ڈالر اور مجموعی طور پر 8 ارب 70 کروڑ ڈالر مقامی سطح پر استعمال کیے جا چکے ہیں۔ مرکزی بینک کے مطابق اگست 2026 تک روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں تقریبا 3 ارب ڈالر واجب الادا جمع ہیں۔ لبہ اعداد وشمار کے مطابق نیا پاکستان روایتی سرٹیفکیٹس میں مجموعی طور پر 71 کروڑ 60 لاکھ ڈالر جمع کروائے گئے، جبکہ نیا پاکستان اسلامی سرٹیفکیٹس میں ایک ارب 33 کروڑ 20 لاکھ ڈالر کی آمد ہوئی۔ روشن ایکوئٹی انویسٹمنٹ کے ذریعے 16 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی، جبکہ گزشتہ چھ سال کے دوران روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے مجموعی طور پر 2 ارب 20 کروڑ ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کی جا چکی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو پاکستان میں بینکاری، سرمایہ کاری اور دیگر مالیاتی سہولیات تک رسائی فراہم کرنے کا اہم ذریعہ بن چکے ہیں۔

بقیہ 14

کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ ویسٹ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالرازق کی نگرانی میں دکانی بابا چوک، بروری روڈ، ایئر پورٹ روڈ، شہباز ٹاؤن اور جناح ٹاؤن میں کارروائی کرتے ہوئے 13 گداگروں کو تحویل میں لے لیا جن میں 5 مرد اور 9 خواتین شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ویسٹ کی جانب سے آئندہ بھی عوامی مقامات پر گداگری کے تدارک کیلئے یہ مشترکہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 15

کے لیے مزید ایک روز کی مہلت مانگ لی۔ جماعت اسلامی اور حکومت کے درمیان پٹرولیم لیوی کے معاملے پر مذاکرات کا تیسرا دور آج (پیر) کو ہونا تھا۔ لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ احسن اقبال نے وزیر اعظم شہباز شریف کا پیغام ان تک پہنچایا۔ وزیراعظم چاہتے ہیں کہ پٹرولیم لیوی کے معاملے پر مذاکرات منگل کو ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے مذاکرات کیلئے ایک کمیٹی پٹرولیم لیوی جب کہ دو کمیٹیاں آئی پی پیز کے معاملے پر قائم کر رکھی ہیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی پر مذاکرات منگل کو ہوں گے، جب کہ آئی پی پیز کے معاملے پر بات چیت بدھ کو کی جائے گی۔

بقیہ 16

میں حذیفہ رحمان نے ملکی سیاسی حالات کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ سیاست میں ہر لمحہ ایک جیسا نہیں رہتا، کبھی ہم سکندر ہوتے ہیں، کبھی قلندر ہوتے ہیں اور کبھی اندر ہوتے ہیں اس وقت پیپلز پارٹی ناراض ہے اس لیے ہم قلندر ہیں۔ صوبوں کے حساس معاملے پر انہوں نے وضاحت کی کہ اگر صوبوں کا معاملہ جوں کا توں رہا تو ہم خود کو سکندر سمجھیں گے، صورتحال بدلی تو قلندر ہوں گے، اور اگر حالات حد سے زیادہ خراب ہوئے تو طنزیہ انداز میں بولے کہ ہم سب اندر ہوں گے! تاہم انہوں نے ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا کہ پیپلز پارٹی ہماری اتحادی ہے، ان کا ناراض ہونا حق بنتا ہے اور انہیں بار بار منانا حکومت کا فرض ہے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے 27 ستمبر کو متوقع احتجاج اور لانگ مارچ کی کال کے حوالے سے حذیفہ رحمان نے دعوی کیا کہ تحریک انصاف یہ احتجاج عملی شکل دینے سے پہلے ہی خود ہی کال آف کر دے گی۔

بقیہ 17

غیر ملکی میڈیا کے مطابق ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں روس کے مستقل نمائندے واسیلی نیبنزیا نے کیا۔ روسی مندوب نے کہا کہ افغانستان اور افریقہ کے بعض علاقوں میں دہشتگردی کا خطرہ بدستور موجود ہے۔ یہ اجلاس 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملوں کی 25 ویں برسی کے حوالے سے منعقد کیا گیا۔ روسی مندوب نے کہا کہ مختلف خطوں کے درمیان غیر ملکی دہشت گرد جنگجوؤں کی نقل و حرکت اور ایک علاقے سے حاصل ہونے والے جنگی تجربے کو دوسرے علاقوں تک منتقل کرنے کا چیلنج اب بھی حل نہیں کیا جا سکا۔ واسیلی نیبنزیا نے دہشت گرد گروہوں کے طریقہ کار میں آنے والی تبدیلیوں پر بھی توجہ دلائی، دہشت گرد تنظیمیں بھرتی، پروپیگنڈے، مالی معاونت اور حملوں کی منصوبہ بندی و رابطہ کاری کے لیے نئی ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مالیاتی ذرائع، ڈرونز، مصنوعی ذہانت اور جدید مواصلاتی نیٹ ورکس کا بڑھتا ہوا استعمال کر رہی ہیں۔ انہوں نے ان خطرات کو سرحدوں سے ماورا قرار دیتے ہوئے دہشتگردی کے خلاف عالمی سطح پر مربوط تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ روسی مندوب نے کہا کہ داعش خراسان نے گزشتہ برسوں کے دوران افغانستان میں کئی مہلک حملے کیے ہیں اور افغانستان سے باہر بھی کارروائیاں کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔

بقیہ 18

والے ایک انٹرویو کے دوران میزبان نے پہلگام واقعہ کا حوالہ دے کر پاکستان پر ریاستی دہشتگردی کا الزام لگوانا چاہا تو انور ابراہیم نے ایسا کرنے سے صاف اور دوٹوک انکار کر دیا۔ انور ابراہیم نے کہا بحیثیت وزیراعظم ان حقائق پر بات کر سکتے ہیں، جو ریاستی اداروں نے دیئے۔ ملائیشیا کے انٹیلی جنس اداروں نے کبھی ایسی کوئی رپورٹ نہیں دی، جس میں ثابت ہو کہ پاکستان بھارت میں کسی ریاستی دہشت گردی میں ملوث ہے۔ انٹرویو کے دوران ملائیشین وزیراعظم نے فلسطین پر اسرائیلی قبضے اور نہتے عوام پر جاری بمباری کی شدید الفاظ میں مذمت بھی کی۔

بقیہ 19

کی جانب سے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے یہی بنیادی شرط ہے۔ ان کے مطابق جب تک امریکا مفاہمتی یادداشت کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کرتا، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کا معاملہ آگے نہیں بڑھ سکتا۔ عراقچی نے واضح کیا کہ ایران اور عمان کے درمیان ہونے والی بات چیت کا مقصد فوری طور پر آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا نہیں بلکہ سمندری آمدورفت کے لیے ایک نئے بحری راستے کے طریقہ کار پر غور کرنا ہے۔

بقیہ 20

کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کھولی نہیں جائے گی۔ روسی میڈیا کے مطابق ایران نے ثالثوں کے ذریعے امریکا کو سات شرائط پیش کی ہیں تاہم ان شرائط کی تفصیل ظاہر نہیں کی گئی۔ روسی میڈیا کے مطابق اتنا کہا گیا ہے کہ ایران نے امریکا پر واضح کیا ہے کہ شرائط پوری نہ ہوئیں تو آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی۔ ایران کی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ تہران پیر کو مسقط میں اجلاس کی میزبانی کرے گا جس میں عراق اور خلیجی ممالک کے مندوبین بھی شرکت کریں گے۔ ان ممالک کو دعوت دینے کا مقصد انہیں نئے رستہ کی تفصیل اور ٹرانزٹ کے انتظامات سے آگاہی دینا بتایا گیا ہے۔ ایران اور عمان کے درمیان طے معاہدے کے تحت خلیج فارس میں داخلہ رستہ مکمل طور پر ایرانی پانیوں سے گزرے گا اور خلیج فارس سے خارجی رستہ جزوی طور پر ایرانی پانیوں سے گزرے گا۔ یہ ٹرانزٹ ایرانی پروٹوکول کے تحت ہوگا، جنوبی رستہ جسے کھولنے پر امریکا اصرار کر رہا ہے وہ بند کر دیا جائے گا۔

بقیہ 21

اپنے سالانہ گوشوارے جمع کروانے کی ہدایت بھی کر دی گئی ہے۔ ایف بی آر کے مطابق ٹیکس گزار 30 ستمبر تک اپنے سالانہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرا سکتے ہیں۔ ٹیکس گزاروں کو آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر گوشوارے جمع کروانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ 30 ستمبر کے بعد گوشوارے جمع کروانے والے ٹیکس گزاروں کو مقررہ قوانین کے تحت کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کے عمل کی بھی نگرانی جاری ہے، ٹیکس گزار ایف بی آر کے آن لائن نظام کے ذریعے اپنے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرا سکتے ہیں۔ ایف بی آر نے ٹیکس گزاروں کو بروقت گوشوارے جمع کرانے اور ٹیکس قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ 30 ستمبر تک انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والے ٹیکس گزاروں کو قانونی و مالی اثرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 22

تمام سرکاری بوائز، گرلز، پوسٹ گریجویٹ، ڈگری اور انٹر کالجز پر عائد ہوگی۔ مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی تنظیم یا گروپ کو تقریب یا تنظیمی سرگرمی منعقد کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ احکامات میں تمام سرکاری کالجز کے پرنسپلز کو ہدایت کی گئی ہے کہ پابندی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 23

نے کہا کہ کسی بھی صورت اپنے مطالبات سے دستبردار نہیں ہوں گے، ہم نے لیوی ختم کرانی ہے، پٹرولیم لیوی کا پٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، ایک مافیائی سسٹم کے تحت چند افراد کو فائدہ پہنچانے کے لیے ظلم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا 36 شہروں میں دھرنے ہو رہے ہیں، 20 ستمبر کو چاروں طرف سے اسلام آباد آئیں گے، اگر حکومت نے ٹال مٹول سے کام لیا تو ہم مذاکرات ختم کر دیں گے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آئی پی پیز کے معاہدے سامنے آ جائیں تو ساری قوم تھو تھو کرنا شروع کر دے، جو مرضی حالات ہوں بجلی کے بلوں میں کپیسٹی کی رقم لگ کر آ رہی ہے، اس فراڈ میں ن لیگ، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف سب شامل ہیں، یہ پارٹیاں ایسا نہیں کر سکتیں کیونکہ ان میں مافیا کے لوگ شامل ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی نے اے پی سی میں بلایا تو ضرور جائیں گے، ہم بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں جبکہ اپوزیشن کے ساتھ ہمارے رابطے ہیں۔

بقیہ 24

قرار دیا کہ ایسا اقدام نہیں ہونا چاہیے تھا۔ عالمی ٹریبونل کے فیصلے سے پاکستان کا بھارت پر پلڑا بھاری ہو گیا، دونوں ممالک کے درمیان جنگوں اور چپقلش کے باوجود سندھ طاس معاہدہ ہمیشہ برقرار رہا۔ جریدے کے مطابق 31 اگست کو مستقل ثالثی عدالت نے فیصلہ دیا کہ دلی کے پاس معاہدہ معطل کرنے کا کوئی قانونی جواز نہیں، عدالت نے کشمیر میں رتل ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کی تعمیر محدود کرنے کا بھی حکم دیا۔ ساؤتھ چائنہ مارننگ پوسٹ کے مطابق عدالت کے فیصلے سے پاکستان کے موقف کو مزید تقویت ملی، 5 رکنی پینل نے معاہدہ معطلی سے متعلق بھارتی دلائل کو متفقہ طور پر مسترد کر دیا۔ چینی اخبار کے مطابق بھارتی متنازعہ اقدام پر انٹرنیشنل ٹریبونل نے پاکستان کے حق میں واضح فیصلہ دیا ہے، یہ پاکستان کی سفارتی کامیابی ہے جس نے بھارتی ہتھکنڈوں کو الٹا کر رکھ دیا۔

بقیہ 25

آفریدی اور سابق وزیر اعلی علی امین گنڈاپور کے درمیان تعلقات گزشتہ کچھ عرصے سے کشیدہ ہیں، جبکہ علی امین گنڈاپور نے وزیر اعلی سہیل آفریدی کا فون نمبر بھی بلاک کر رکھا ہے۔ قومی اسمبلی کے رکن فیصل امین گنڈاپور نے ڈی آئی خان کے فنڈز روکے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی آخری ریلیز، جس کی مجموعی مالیت 43 ارب روپے تھی، میں ڈی آئی خان کو صرف 8 کروڑ روپے دیے گئے۔ فیصل امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ ڈی آئی خان میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں 50 سے 60 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا کام مکمل ہو چکا ہے، جس کی رقم واجبات کی صورت میں موجود ہے، تاہم مالی سال 2026-27 کے لیے ان منصوبوں کو صفر بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اے ایس ڈی آئی، ڈی آئی خان کے لیے بھی رواں مالی سال کوئی بجٹ مختص نہیں کیا گیا اور اس منصوبے کی بجٹ تخصیص صفر ہے۔

بقیہ 26

سے برطرف کیا گیا ہے۔ پولیس کے خود احتسابی بیورو کے اعلامیے کے مطابق گزشتہ 6 ماہ کے دوران شہریوں کی جانب سے مجموعی طور پر 615 شکایات درج کرائی گئیں، جن میں سے 562 شکایات پر کارروائی مکمل کر کے کیسز نمٹا دیے گئے۔ اس دوران 6 اہلکاروں کی سروس ضبط کرنے جبکہ 4 کیسز میں مختلف نوعیت کی سزاں کے احکامات بھی جاری کیے گئے۔ اعلامیے کے مطابق 112 شکایات بے بنیاد ثابت ہونے پر فائل کر دی گئیں، جبکہ موصول ہونے والی شکایات میں اختیارات سے تجاوز کی 95، بدعنوانی کی 24، ہراسگی کی 25 اور ایف آئی آر درج نہ کرنے سے متعلق 27 شکایات شامل تھیں۔ ذرائع کے مطابق شہریوں کی جانب سے پولیس کو موصول ہونے والی 371 شکایات باہمی تنازعات سے متعلق تھیں، جن میں خاندانی، رقم اور زمین کے تنازعات نمایاں تھے۔ پولیس حکام کے مطابق خود احتسابی کے عمل کا مقصد محکمہ پولیس میں نظم و ضبط، شفافیت اور عوامی شکایات کے ازالے کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 27

ہے، جبکہ فرموں کے پاس فعال جی ایس ٹی اور این ٹی این نمبر ہونا بھی لازمی ہوگا۔ دستاویزات کے مطابق ادویات کی خریداری مالی سال 2026-27 کے لئے کی جائے گی۔ بولیاں 29 ستمبر تک جمع کرائی جاسکیں گی، جبکہ موصول ہونے والی بولیاں بھی 29 ستمبر کو ہی کھولی جائیں گی۔

بقیہ 28

وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ سہیل آفریدی کیخلاف کیس کی سماعت کرے گا۔ سہیل آفریدی کیخلاف درخواست شیر افضل مروت نے دائر کر رکھی ہے جس میں علی امین گنڈاپور کی بطور وزیراعلی بحالی کی بھی استدعا کی گئی ہے، بنچ میں جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی شامل ہونگے۔ وفاقی آئینی عدالت میں دوسرا اہم کیس بانی پی ٹی آئی کی طرح دیگر قیدیوں کو پرائیویٹ ہسپتال سے علاج کرانے کا فکس ہے، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بنچ سماعت کرے گا، اڈیالہ جیل میں قید تین قیدیوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کیخلاف اپیل وفاقی آئینی عدالت میں دائر کر رکھی ہے، اپیل میں بانی پی ٹی آئی کی طرح دیگر قیدیوں کو بھی طبی سہولیات دینے کی استدعا کی گئی ہے، اپیل میں تین قیدیوں نے ذاتی خرچ پر پرائیویٹ ہسپتال سے علاج کرانے کی استدعا کر رکھی ہے۔ سپریم کورٹ میں آج نئے عدالتی سال کی تقریب منعقد ہوگی، سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال منتقلی کیس کی سماعت 16 ستمبر کو ہوگی، ہسپتال منتقلی کے 18 اگست کے حکم کیخلاف وفاقی حکومت کی نظرثانی اپیل پر سماعت بھی 16 ستمبر کو ہوگی، عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ کرنے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت بھی 16 ستمبر کو ہوگی، سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر تاحال اگلے عدالتی ہفتے کی ریگولر کازلسٹ جاری نہیں ہوئی۔

بقیہ 29

بتایا کہ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ ایسی معلومات فراہم کریں جس سے ان دو افراد کی شناخت میں مدد مل سکے جو ہلاک ہوئے کیونکہ لاشیں دھماکے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئیں۔ اسرائیلی فوج نے شواہد فراہم کیے بغیر دعوی کیا کہ حملے میں حماس کے دو جنگجوؤں کو نشانہ بنایا گیا۔ اکتوبر 2025 میں، امریکی حمایت یافتہ، جنگ بندی نے غزہ میں بڑے پیمانے پر لڑائی روک دی، لیکن اس سے اسرائیلی حملے ختم نہیں ہوئے اور مستقل امن کی جانب قدموں پر بہت کم پیش رفت ہوئی ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج کی لبنان میں جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق جنوبی لبنان کے مختلف دیہی علاقوں پر اسرائیلی فوج نے فضائی بمباری کی۔ عرب میڈیا کے مطابق جنوبی لبنان کے علاقوں نبطیہ فوقا اور کفرتبنیت میں مخصوص اہداف کو نشانہ بنایا گیا تاہم فوری طور پر کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

بقیہ 30

ابہام کی صورتحال وضاحت پیش کر دی۔ کوہستان ہاوس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ کے اجرا کی سہولت ختم نہیں کی گئی بلکہ اس کی ذمہ داری نادرا کو منتقل کر دی گئی ہے، جس سے عوام کو مزید سہولیات میسر آئیں گی۔ کوہستان سیکرٹریٹ ٹیکسلا میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ چونکہ پاسپورٹ کا معاملہ براہ راست عوامی مسئلہ ہے، اس لیے ضروری سمجھا گیا کہ عوام کو اصل صورتحال سے آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاسپورٹ بنانے یا اس کے اجرا کی سہولت بند نہیں ہوئی بلکہ نئے انتظام کے تحت یہ عمل نادرا دفاتر کے ذریعے جاری رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیکسلا نادرا آفس میں اب پاسپورٹ بنانے، تجدید (Renewal) اور دیگر متعلقہ مراحل کی سہولت فراہم کی جائے گی جبکہ تین ہفتے تک کے پراسیس سے متعلق خدمات بھی وہیں دستیاب ہوں گی۔ اسی طرح واہ کینٹ کے نادرا آفس میں بھی شہریوں کو پاسپورٹ سے متعلق سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ڈائریکٹر امیگریشن اینڈ پاسپورٹس اسلام آباد فیاض حسین نے تفصیلات بیان کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکسلا میں پاسپورٹ آفس کے قیام کے لیے بیرسٹر عقیل ملک کی ذاتی کاوشیں قابل ذکر ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ملک کے متعدد نادرا دفاتر میں پاسپورٹ کے لیے الگ کاؤنٹرز قائم تھے جہاں پاسپورٹ آفس کا عملہ خدمات انجام دے رہا تھا، تاہم اب اس نظام میں تبدیلی کی گئی ہے اور پاسپورٹ سے متعلق ذمہ داریاں نادرا کے عملے کو سونپ دی گئی ہیں۔ فیاض حسین کے مطابق پاسپورٹ آفس کا عملہ واپس بھیج دیا گیا ہے جبکہ نئے انتظام کے تحت نادرا دفاتر میں پاسپورٹ بنانے کا عمل شروع کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 31

عرب میڈیا کے مطابق اتوار کی صبح 480 یہودی انتہا پسند مسجد اقصی کے صحن میں داخل ہوئے۔ القدس میئر آفس کے مطابق یہودی انتہا پسندوں نے مسجد اقصی کے صحن میں تلمودی رسومات بھی ادا کیں۔

بقیہ 32

ہے کہ اب وہ اپنی پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے اس سہولت سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ نادرا کے مطابق متعلقہ یونین کونسل سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کی ڈپلیکیٹ کاپی اب پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے۔ اس اقدام کا مقصد شہریوں کو سرٹیفکیٹس کے حصول کیلئے نادرا دفتر کے غیر ضروری چکروں سے بچانا اور خدمات تک رسائی آسان بنانا ہے۔ نادرا حکام نے واضح کیا ہے کہ اگر کسی شہری کا سرٹیفکیٹ متعلقہ یونین کونسل سے پہلے جاری ہو چکا ہے اور اسے دوبارہ حاصل کرنا مقصود ہے تو شہری متعلقہ یونین کونسل سے رجوع کر کے بھی سرٹیفکیٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ حکام کے مطابق پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے درخواست جمع کرانے کی سہولت سندھ اور پنجاب کی تمام یونین کونسلز، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کے تمام اضلاع جبکہ بلوچستان کے منتخب اضلاع میں دستیاب ہے۔ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ پیدائش، وفات، شادی یا طلاق سے متعلق سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے دستیاب پاک آئی ڈی موبائل ایپ کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ مزید معلومات اور رہنمائی کیلئے نادرا کی ہیلپ لائن 1777 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 33

کھڑے نہیں ہو سکتے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، ن لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، پنجاب میں ن لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے یا لاہور کے ساتھ رکھنے کی تجاویز موجود ہیں، صوبوں کی تقسیم کے حق میں ن لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروا دیا گیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ پس پردہ گفتگو ہو رہی ہوگی، بانی پی ٹی آئی سے پس پردہ گفتگو اپنانے کی ایک قیمت ہے، قیمت چکانا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف مسلح ہو کر اسلام آباد آنے کی تیاری کر رہی ہے، فتنۃ الخوارج مبینہ طور پر ہندوستان کے اسپانسرڈ ہیں، فتنۃ الخوارج پی ٹی آئی کی ریلی کو ٹارگٹ بنا کر حکومت اور عوام میں دوری پیدا کر سکتے ہیں، تحریک انصاف کا احتجاج نکلے تو کری ہو جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کریں گے تو ان سے جواب لے لیں گے، وفاقی وزیر شیخ قیصر میرے سامنے ہر دوسرے دن شہباز شریف سے ملتے ہیں، شیخ قیصر کے اعتراضات یا شہباز شریف سے ملاقات نہ ہونے کی مجھے سمجھ نہیں آ رہی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کچھ چیزیں غور و خوض کے لیے ہوتی ہیں، ہر چیز پبلک نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ 34

دیا جائے گا ہماری اصل طاقت اتحاد، تعلیم، محنت، شعور اور اپنے وطن سے محبت ہے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ قلم کو اپنا ہتھیار بنائیں، تعلیم حاصل کریں اور پارلیمانی و جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک اور قوم کی تقدیر بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو دیکھیں جہاں عوام اپنی ریاست اور آئینی اداروں کے ساتھ کھڑے ہو کر ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی جہاں ریاست اور آئین کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں کے سامنے ریاستی نظام کو کمزور کیا گیا ہو مذاکرات کے دروازے ان لوگوں کے لیے کھلے ہیں جو پاکستان کے آئین اور ریاستی نظام کو تسلیم کرتے ہیں، تاہم بندوق، دہشت گردی اور تشدد کے ذریعے اپنی بات منوانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسا بلوچستان اور پاکستان تشکیل دینا ہوگا جہاں امن، تعلیم، روزگار، ترقی اور خوشحالی ہو۔

بقیہ 35

ڈالر رہی، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں درآمدات کا حجم 21 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھا۔ ذرائع کے مطابق جنگ کے دوران بھی پاکستان کی ایران سے درآمدات جاری رہیں۔ پاکستان نے مالی سال 2025-26 کے دوران ایران سے ایک ارب 39 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی درآمدات کیں، جو گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 12 فیصد زیادہ تھیں۔ مالی سال 2024-25 میں ایران سے درآمدات کا حجم ایک ارب 24 کروڑ 10 لاکھ ڈالر رہا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2 4 - 2 0 2 3 میں ایران سے پاکستان کی درآمدات ایک ارب 3 کروڑ 70 لاکھ ڈالر، مالی سال 2022-23 میں 88 کروڑ ڈالر، مالی سال 2021-22 میں 77 کروڑ 38 لاکھ ڈالر، مالی سال 2020-21 میں 51 کروڑ 86 لاکھ ڈالر جبکہ مالی سال 2019-20 میں 44 کروڑ ڈالر رہیں۔

بقیہ 36

فروخت کے باعث میرٹ اور شفافیت کے اصول متاثر ہو رہے ہیں، جس کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ دوسری جانب بلوچستان حکومت نے محکمہ جنگلات کی تقریبا 300 آسامیوں پر بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ حکام کی جانب سے بھرتیوں کے عمل اور سامنے آنے والی شکایات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی محکموں کے انتظامی سیکرٹریز سے حلف لیا ہے کہ وہ سرکاری ملازمتوں کی خرید و فروخت نہیں ہونے دیں گے اور بھرتیوں کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور قواعد وضوابط کی پابندی یقینی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا ہے کہ اگر کسی محکمہ میں ملازمتوں کی خرید وفروخت کے مصدقہ شواہد سامنے آئے تو ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی یہ واضح ہو سکے گا کہ محکمہ جنگلات میں بھرتیوں سے متعلق سامنے آنے والے الزامات میں کس حد تک صداقت ہے اور ذمہ داری کن افراد پر عائد ہوتی ہے۔

بقیہ 37

کے خلاف سلامتی کونسل کی لڑائی کی تجدید کے موضوع پر سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عاصم افتخار نے سات پاکستانیوں سمیت نائن الیون کے دہشت گرد حملوں کا نشانہ بننے والوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امریکی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ نائن الیون پر عالمی ردعمل کا ذکر کرتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں سلامتی کونسل نے فوری کارروائی کی، جس میں قرارداد 1373 کی منظوری بھی شامل ہے، جو تاحال اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی فریم ورک کا ایک اہم جزو ہے۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں پاکستان کے فرنٹ لائن کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں، انٹیلی جنس تعاون اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ سیکورٹی ہم آہنگی نے القاعدہ کی صلاحیتوں کو نمایاں حد تک کم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ القاعدہ کے خلاف بین الاقوامی مہم میں سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں۔ عاصم افتخار احمد نے زور دیا کہ پاکستان نے اس جنگ میں بہت بھاری قیمت چکائی ہے، رواں صدی کے آغاز سے اب تک سیکورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں اور عام شہریوں سمیت 90 ہزار سے زائد پاکستانی دہشت گردی کا نشانہ بن کر اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، جب کہ اس کے ساتھ ساتھ مسلسل معاشی نقصانات بھی اٹھانے پڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل نے 25 سال قبل ہنگامی بنیادوں، اتحاد اور عزم کے ساتھ ردعمل دیا تھا، لیکن اس کے بعد سے دہشت گردی کے خطرے کی نوعیت بدل چکی ہے، دہشت گردی کا منظرنامہ اب تبدیل ہو کر نئی شکل اختیار کر چکا ہے اور نئے خطرات ابھر کر سامنے آئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی انسداد دہشت گردی کے فریم ورک میں خامیوں کو دور کرنے کیلئے پابندیوں کے موجودہ نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے انتہائی دائیں بازو کی شدت پسندی کے عروج، افریقہ، مشرق وسطی اور افغانستان میں دہشت گردی کے مسلسل خطرے کے ساتھ ساتھ دہشت گردوں کے پروپیگنڈے، ذہن سازی، بھرتی، روابط اور مالی اعانت کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی اجاگر کیا۔ افغانستان سے پنپنے والی دہشت گردی پر خاص تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تین برسوں کے دوران 4700 سے زائد پاکستانی دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔ انہوں نے ٹی ٹی پی، بی ایل اے، ای ٹی آئی ایم اور داعش سمیت دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر بین الاقوامی کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔ عاصم افتخار نے انہوں نے دہشت گردوں کی مالی اعانت کیلئے ڈارک ویب، ورچوئل اثاثوں اور کرپٹو کرنسیوں کے بڑھتے ہوئے استعمال سے بھی خبردار کرتے ہوئے کہا کہ قواعد وضوابط کی عدم موجودگی میں، یہ خطرہ یقینی طور پر کئی گنا بڑھ جائے گا۔ انہوں نے انسداد دہشت گردی کیلئے جامع نقطہ نظر پر زور دیا، جس میں اقوام متحدہ کی عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کے چاروں ستونوں پر متوازن عمل درآمد اور دہشت گردی کے بنیادی اسباب اور اس کیلئے سازگار حالات سے نمٹنے پر زیادہ توجہ دینا شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی قبضے کی صورت حال میں بھی احتساب کا اطلاق ہونا چاہیے، اور کہا کہ قابض قوتوں کو جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے اور انہیں اپنا حق خودارادیت استعمال کرنے والے عوام کے خلاف اسختی کے ساتھ کارروائی کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ عاصم افتخار نے کہا کہ بین الاقوامی ردعمل کو دہشت گردی کے تیزی سے بدلتے ہوئے خطرے سے آگے رہنا چاہیے، دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی ردعمل کو تیز تر ہونا چاہیے، بلکہ تیزی سے ابھرتے ہوئے خطرے سے آگے ہونا چاہیے۔ انہوں نے سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داری اٹھائے، اس بات کو یقینی بنائے کہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، اور اس عالمی خطرے کے خلاف ایک متحد اور اجتماعی محاذ بنانے کیلئے بین الاقوامی تعاون اور علاقائی ہم آہنگی کو مضبوط کرے۔

بقیہ 38

ہے۔ صوبائی مشیر بلدیات کی جانب سے لوکل کونسلز کے مسائل کے حل اور فنانس کمیشن کے اجلاس کے انعقاد کے لیے کی جانے والی کوششوں کو آل بلوچستان لوکل کونسل فورم قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ لہٰذا موجودہ پیش رفت اور یقین دہانی کے پیش نظر آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کل کوئٹہ میں ہونے والا احتجاج فی الفور منسوخ کرنے کا اعلان کرتا ہے۔ فورم امید کرتا ہے کہ لوکل کونسل فنانس کمیشن کا اجلاس جلد از جلد منعقد کر کے مقامی حکومتوں کے نان سیلری و ترقیاتی فنڈز، منتخب نمائندگان کے واجبات اور دیگر درپیش مالی مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 39

موجودہ بحران کے دوران دانشمندانہ اور دور اندیش قیادت پر سعودی ولی عہد کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے اس موقع پر خادم حرمین شریفین، شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے اپنی نیک خواہشات اور دلی احترام کا بھی اظہار کیا۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے سعودی عرب کے لیے پاکستان کی مسلسل اور ثابت قدم حمایت اور خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا اور جلد ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ 40

ہٹے، جس کے بعد انکی صحت اور ذہنی حالت سے متعلق یہ غلط بیانیہ گھڑا جا رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے ایک بیان میں علیمہ خان نے کہا کہ عمران خان کی زندگی کو اس وقت شدید خطرات لاحق ہیں، عمران خان کو اکتوبر 2025 میں مکمل تنہائی میں رکھے جانے سے پہلے وہ بالکل تندرست اور صحت مند تھے، تاہم دسمبر کے آخر تک ان کی ایک آنکھ کی بینائی متاثر ہونا شروع ہوئی، جیل سپرنٹنڈنٹ کو مسلسل مطلع کرنے کے باوجود دو ہفتے تک انہیں ڈاکٹر کی سہولت فراہم نہیں کی گئی بعد ازاں ڈاکٹر نے تصدیق کی کہ اس تاخیر کی وجہ سے ان کی آنکھ کو مستقل نقصان پہنچا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جیل کی سی سی ٹی وی کی نگرانی کرنے والوں کو اس بات کی مکمل خبر تھی لیکن مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا گیا، جولائی کے آخر سے سوشل میڈیا پر ان کی صحت بگڑنے، بلڈ پریشر میں ناہمواری اور ذہنی تنا کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں اور ساتھ ہی مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ جعلی تصاویر اور ویڈیوز گردش کرائی جا رہی ہیں، عمران خان نے سختیوں کے باوجود ہمت نہیں ہاری اور نہ ہی اپنے موقف سے پیچھے ہٹے، جس کے بعد ان کی صحت اور ذہنی حالت سے متعلق یہ غلط بیانیہ گھڑا جا رہا ہے۔ علیمہ خان نے نشاندہی کی کہ 18 اگست 2026 کو سپریم کورٹ نے عمران خان کو شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا تاکہ ڈاکٹر عظمی خان اور ڈاکٹر فیصل سلطان کی موجودگی میں ان کا آزادانہ طبی معائنہ ہو سکے، تاہم 20 اگست کی طے شدہ مہلت کے باوجود اس حکم پر اب تک عملدرآمد نہیں کیا گیا، اب پرامن طور پر سڑکوں پر نکلنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں بچا، جس میں دو بنیادی مطالبات پیش کیے جائیں گے۔ ہمارا ایک مطالبہ یہ ہے کہ 18 اگست کے سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق عمران خان کو فوری طور پر شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے، اور دوسرا مطالبہ ہم یہ کرتے ہیں کہ القادر ٹرسٹ اور توشہ خانہ کیسز میں مہینوں سے التوا کا شکار ضمانت کی درخواستوں پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر یا تو فوری طور پر انصاف فراہم کریں یا پھر کیس سے الگ ہو جائیں۔

بقیہ 1

قومی مفاد میں کیا جائے، عوام کو کس انتظامی نظام سے زیادہ سہولت مل سکتی ہے، اصل سوال یہی ہے، موثر، بااختیار اور مضبوط انتظامی یونٹس بھی انتظامی مسائل کا حل ہو سکتے ہیں۔ صدر مسلم لیگ کا کہنا تھا کہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل کر کے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکتے ہیں، سیاسی جماعتیں صف بندی کے بجائے مذاکرات کی میز پر بیٹھیں، قومی معاملات کو سیاسی انا سے بالاتر ہو کر دیکھنا ہوگا، مضبوط صوبے، بااختیار ادارے اور مطمئن عوام ہی مضبوط پاکستان کی بنیاد ہیں۔

بقیہ 2

کی ذمہ داری سے بھی استثنیٰ ملے گا۔ ایف بی آر کے مطابق دکاندار ویب سائٹ، موبائل ایپ یا ٹیکس آفس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے، قواعد کی پابندی کرنیوالی دکان پر کیو آر کوڈ والی گرین پلیٹ آویزاں کی جائیگی، ٹیکس عملے کو رجسٹرڈ دکانداروں کی انسپکشن کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ 3

۔ بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ان منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 689.99 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع شیرانی کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل رہی ہے۔ ضلع شیرانی میں انفراسٹرکچر کی بہتری سے مقامی آبادی کیلئے روزمرہ زندگی مزید آسان بنانے کی بنیاد بھی مضبوط ہوئی ہے۔ ایف سی بلوچستان نارتھ، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے ترقیاتی منصوبوں کی موثر اور کامیاب نگرانی میں اہم کردار ادا کیا، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ریاستی اداروں کے عوامی خدمت اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے عزم کو تقویت مل رہی ہے۔ عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پائیدار انفراسٹرکچر کے ذریعے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 4

فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے، جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجرا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کا معاملہ حکومت کے لیے بڑا چیلنج بن سکتا ہے اور مذاکرات کے دوران پاکستان کو گردشی قرضے پر سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، جس کے تحت وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات کم کرنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں، سرکاری اخراجات میں کمی کے لیے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے، جبکہ رواں مالی سال کے لیے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط سے بھی آگاہ کرے گا۔

بقیہ 5

رکھنے والے نامور ملھ پہلوانوں نے شرکت کی اور اپنی جسمانی مہارت اور فنِ ملاکھڑا کے شاندار جوہر دکھائے۔ مقابلے دیکھنے کے لیے بڑی تعداد میں شائقین موجود تھے، جنہوں نے پہلوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور کامیاب پہلوانوں کو خوب داد دی۔ میلے کی افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی ملھ ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر و چیئرمین میونسپل کمیٹی لاکھڑا مولا بخش گنگو تھے۔ اس موقع پر ٹیکنیکل آفیسر گڈانی سردارزادہ غلام سرور شیخ، پرنسپل پولیٹیکل کالج اوتھل ظفر معراج، سید حیدر شاہ بخاری، سینئر پولیس آفیسر نصیر عاصم خاصخیلی، خاصخیلی برادری کے معزز شخصیت میر غلام حسین خاصخیلی، محمد انور خاصخیلی سمیت دیگر معززین اور شہری بھی موجود تھے۔ ملاکھڑا کے مقابلوں کے دوران پہلوانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ بھرپور مقابلہ کیا، جس سے میلے کا ماحول جوش و خروش سے بھر گیا۔ پہلی، دوسری، تیسری اور چوتھی جوڑ میں کامیاب ہونے والے ملھ پہلوانوں میں مہمانِ خصوصی اور درگاہ انتظامیہ کی جانب سے نقد انعامات، ونر و رنر اپ ٹرافیاں تقسیم کی گئیں، جبکہ بزرگ ہستی سید حیدر شاہ بخاری کی جانب سے کامیاب پہلوانوں کو پگ بھی پہنائی گئی۔ اس موقع پر مہمانانِ گرامی کو روایتی اجرک کے تحائف بھی پیش کیے گئے۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی مولا بخش گنگو نے کہا ہے کہ ملاکھڑا سندھ اور بلوچستان کی قدیم اور خوبصورت ثقافتی روایت ہے، جس کے فروغ کے لیے ایسے مقابلوں کا انعقاد انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت سید حسین شاہ کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر ملاکھڑا کے شاندار مقابلوں کا انعقاد قابلِ تحسین اقدام ہے، جس سے نہ صرف پہلوانوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے بلکہ نوجوان نسل کو بھی اپنی ثقافت اور کھیلوں سے جوڑنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملاکھڑا ہماری ثقافتی شناخت کا اہم حصہ ہے، اس لیے اس قدیم کھیل کے فروغ اور پہلوانوں کی سرپرستی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کامیاب پہلوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے درگاہ انتظامیہ اور منتظمین کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ میلے کے دوران معروف کمینٹیٹر مقبول احمد شاہوانی نے اپنے منفرد انداز میں کمینٹری کے فرائض سرانجام دیے، جس سے شائقین کا جوش مزید بڑھتا رہا۔ خلیفہ منظور احمد اور انور خاصخیلی نے میلے کے کامیاب انعقاد پر سیکیورٹی اہلکاروں، پولیس انتظامیہ، مہمانانِ گرامی اور تمام تعاون کرنے والے افراد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے خصوصی طور پر اسپورٹس آفیسر واجہ خدابخش بلوچ کا بھی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے ہمیشہ ایسے ملاکھڑا مقابلوں کے انعقاد میں بھرپور تعاون کیا ہے۔ میلے کے دوران امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ایس ایس پی نجیب اللہ پندرانی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل وحید مگسی کی نگرانی میں پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ سینئر پولیس افسران محمد ہاشم شاہوک، محمد علی شیخ اور برسات علی رونجھو کی موجودگی میں پولیس اہلکاروں نے سیکیورٹی کے فرائض انجام دیے اور میلے کے دوران امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھا۔

بقیہ 6

جواب میں ایرانی پارلیمنٹ کی صدارتی کمیٹی کے ترجمان عباس گودرزی نے کہا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے عدم پھیلا کے معاہدے یعنی این پی ٹی سے الگ ہونا اور ملک کے ایٹمی نظریے پر نظرِ ثانی کرنا ممکنہ آپشنز ہیں۔ ایرانی نیوز ایجنسی فارس کے مطابق عباس گودرزی نے مزید کہا کہ این پی ٹی کو چھوڑنے اور ایٹمی پالیسی بدلنے سے امریکا اور اس کے حواریوں کو ان کی صحیح جگہ دکھائی جا سکتی ہے۔

بقیہ 7

، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ دنیا میں امن و امان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے، امریکہ نے اپنے مفادات کے حصول کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں جنگوں، سیاسی عدم استحکام اور معاشی دبا کو فروغ دیا، جس کے منفی اثرات آج بھی پوری دنیا کو بھگتنا پڑ رہے ہیں، پاکستان میں جاری شورش اور بدامنی کے حوالے سے بھی امریکہ کی پالیسیوں اور خطے میں اس کے تزویراتی مفادات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، عالمی طاقتوں کو طاقت کے بجائے انصاف، خودمختاری اور باہمی احترام کے اصولوں کو ترجیح دینا ہوگی، فلسطین، افغانستان، مشرق وسطی اور دیگر خطوں میں جاری بحرانوں کا مستقل حل طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی، سفارتی اور منصفانہ طریقہ کار سے ہی ممکن ہے، رہنماں نے کہا کہ جب تک دنیا پر چند طاقتوں کی بالادستی، دوہرے معیار اور مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت تک حقیقی عالمی امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا، پاکستان کو بھی اپنی خارجہ پالیسی قومی مفادات، ملکی خودمختاری اور خطے کے امن کو سامنے رکھتے ہوئے تشکیل دینی چاہیے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک کے کسی بھی حصے میں بدامنی کے خاتمے کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی مذاکرات، آئین و قانون کی بالادستی، عوام کے بنیادی حقوق اور محرومیوں کے ازالے کو یقینی بنایا جائے، جمعیت علما اسلام ہر قسم کی دہشت گردی، انتہاپسندی اور بیرونی مداخلت کی مخالفت کرتے ہوئے ملک میں امن، سیاسی استحکام، جمہوری تسلسل اور قومی وحدت کے لیے اپنا مثبت اور اصولی کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 8

طبی امداد کی فراہمی کے بعد کوئٹہ کے ٹراما سینٹر میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ اس ناگوار واقعے کی اطلاع ملتے ہی اساتذہ اور دیگر سماجی حلقوں نے اسپتال پہنچ کر ان کی عیادت کی اور ان کی صحت سے متعلق دریافت کیا۔ اس موقع پر حکومت ٹیچر ایسوسی ایشن (جی ٹی اے) کے سابق جنرل سیکرٹری استاد شیر دل ہنگلزئی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک المناک حادثہ تھا جس پر ہمیں شدید دکھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عبدالحمید ابڑو ایک انتہائی فرض شناس اور تعلیم دوست افسر ہیں جو ہر وقت تعلیمی معاملات اور بہتری کے لیے فکر مند رہتے ہیں، اور ایسے مخلص افسر معاشرے میں بہت کم پائے جاتے ہیں۔ اساتذہ اور رہنماؤں نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ اللہ تعالی عبدالحمید ابڑو کو جلد و کامل صحت عطا فرمائے تاکہ وہ تندرست ہو کر ایک بار پھر اپنے فرائضِ منصبی پر واپس لوٹ سکیں۔

بقیہ 9

حوثی ترجمان نے حملے کی تاریخ یا اس کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ جانی و مالی نقصان کی تفصیلات نہیں بتائیں۔ اس دعوے کی آزاد ذرائع سے فوری طور پر تصدیق بھی نہیں ہو سکی۔ یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کے اتحادی حوثیوں اور سعودی عرب کی حمایت یافتہ یمنی حکومتی فورسز کے درمیان رواں ہفتے جھڑپوں میں اضافہ ہوا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے کے مطابق جولائی سے یمن میں جاری لڑائی کے باعث تقریباً 76 ہزار افراد بے گھر ہو چکے ہیں، جبکہ حالیہ کشیدگی میں اضافے کے بعد نقل مکانی کی رفتار مزید تیز ہوئی ہے۔

بقیہ 10

کی اس پیش قدمی نے عالمی منڈیوں میں بھی تشویش پیدا کر دی ہے، جبکہ یمن کے شہریوں کو خدشہ ہے کہ تازہ کشیدگی ملک کو ایک بار پھر تباہ کن خانہ جنگی کی جانب دھکیل سکتی ہے حوثی فوجی ترجمان بریگیڈیئر جنرل یحییٰ سریع نے ایک بیان میں دعویٰ کیا کہ حوثی فورسز نے سعودی عرب کے علاقے نجران میں شرورہ کے قریب ایک فوجی اڈے کو میزائل اور ڈرون حملے کا نشانہ بنایا تاہم ترجمان نے اپنے دعوے کے حق میں کوئی ثبوت فراہم نہیں کیا اور نہ ہی یہ بتایا کہ حملہ کب کیا گیا۔ دوسری جانب سعودی سول ڈیفنس نے رات گئے جاری بیان میں کہا کہ یمن کی سرحد کے قریب بحیرہ احمر کے ساتھ واقع ''التوال گورنریٹ'' میں ایک میزائل نما گولہ گرا، جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوئے جبکہ ایک مسجد اور متعدد عمارتوں کو نقصان پہنچا سعودی حکام نے اس حملے کا الزام حوثیوں پر عائد کیا بیان کے مطابق شرورہ کے علاقے میں فضائی حملے کے سائرن بھی بجائے گئے تاہم کسی جانی نقصان یا اضافی مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی. سعودی عرب کی جانب سے اتوار کو حوثیوں کے خلاف کسی نئے حملے کے حوالے سے فوری طور پر کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا حوثی باغی حالیہ دنوں میں سعودی تیل تنصیبات اور بحری جہازوں کو بھی نشانہ بناتے رہے ہیں اور انہوں نے خطے میں ایک نئی بحری ناکہ بندی کا اعلان کیا ہے۔ حوثیوں کا کہنا ہے کہ دیگر تجارتی بحری جہازوں کے لیے کوئی خطرہ نہیں، تاہم باب المندب میں بدلتی ہوئی صورتحال نے عالمی منڈیوں میں بے چینی پیدا کر دی ہے عالمی مارکیٹ میں نئی کشیدگی کے اثرات کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ ہوا ہے، جبکہ سرمایہ کاروں کو خدشہ ہے کہ اگر باب المندب اور بحیرہ احمر میں کشیدگی مزید بڑھی تو عالمی توانائی اور تجارتی سپلائی چین شدید متاثر ہو سکتی ہے۔

بقیہ 11

کچھ نہیں کیا۔ میرے پاس آئینی قانونی جواز ہے کہ سہیل آفریدی سے کے پی کو چھٹکارا دلاؤں۔ سہیل آفریدی کے وزیراعلی بننے کے 6 ماہ بعد میں نے درخواست دائر کی۔ بانی پی ٹی آئی نے کے پی بند کرنے کا کہا تھا کیوں نہیں کیا؟ اٹک میں راتوں رات دھرنا کس کے کہنے پر ختم کیا گیا؟ انہوں نے کہا کہ یہ لانگ مارچ کرکے اور 20 لاکھ لوگ لا کر دکھا دیں؟ تو پھر میں کہوں گا یہ عمران خان کا سچا سپاہی ہے۔

بقیہ 12

کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جبکہ کامل اصغر کے پولیس اور فارنزک ٹیموں سے مسلسل رابطے کے شواہد بھی سامنے آئے ہیں۔ خط کے مطابق کامل اصغر کے وائس نوٹس بھی تفتیش میں مداخلت کے شواہد کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ اہلخانہ نے کہا کہ مرکزی ملزم فیصل اصغر کے بھائی کامل اصغر کی شواہد کے ساتھ ٹیمپرنگ کے ثبوت موجود ہیں۔ قومی کمیشن اور وفاقی حکومت کامل اصغر کے مبینہ کردار پر رپورٹ طلب کرے اور حنا جاوید قتل کیس کی غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات یقینی بنائی جائیں۔ خط میں کہا گیا کہ ہم مجبوراً بار بار قومی کمیشن سے رجوع کر رہے ہیں کیونکہ اب تک کی تحقیقات غیر جانبدارانہ نہیں کی گئی ہیں۔ 4 ستمبر کو پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر میں راولپنڈی پولیس حکام سے تفصیلی میٹنگ ہوئی، جس میں لاہور سے ڈی آئی جی شعیب خرم، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا اور ایس ایس پی آپریشنز طارق محبوب بھی شریک تھے۔ حنا جاوید کے اہلخانہ نے پولیس حکام کے سامنے اپنے تحفظات رکھتے ہوئے بتایا کہ قتل کی ذمہ داری اصل ملزم کے بجائے گھریلو ملازم پر ڈالی جا رہی ہے۔ اہلخانہ کے مطابق انہیں یقین ہے کہ ملزم فیصل اصغر کا بھائی کامل اصغر تفتیش کا رخ موڑنے کی کوشش میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ خط میں کہا گیا کہ ہمارے پاس ملزم فیصل اصغر کے بھائی کامل اصغر کے وائس نوٹس موجود ہیں جو اس نے مقتولہ کے اہلخانہ کو بھیجے ہیں۔ کامل اصغر پولیس کے ساتھ فعال طور پر ملی بھگت کر رہا ہے۔ اہلخانہ نے موقف اختیار کیا کہ ہیومن رائٹس ایکٹ کی دفعہ 10 کے تحت قومی کمیشن دیوانی عدالت کے اختیارات استعمال کر سکتا ہے اور گواہان، شواہد اور مقدمے کا سارا ریکارڈ طلب کر سکتا ہے۔ پولیس کی جانبداری اور ملزمان سے ملی بھگت قانون اور آئین کی خلاف ورزی ہے۔ خط میں قومی کمیشن برائے انسانی حقوق سے حنا جاوید قتل کیس کی جے آئی ٹی بنانے کی ہدایت کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ حنا جاوید کو بے رحمانہ طریقے سے قتل کیا گیا، اہلخانہ منصفانہ اور غیر جانبدار تفتیش اور انصاف کے منتظر ہیں۔

بقیہ 13

انٹرویو میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران اور عمان پہلے ہی آبنائے ہرمز کے حوالے سے مخصوص فریم ورک پر اتفاق کر چکے ہیں۔ پیر کو عمان میں وزرائے خارجہ اجلاس میں عرب ممالک کو بھی اس معاملے پر اعتماد میں لیا جائے گا، جس کے بعد بین الاقوامی میری ٹائم ایجنسی کو بھی اس پیش رفت سے آگاہ کیا جائے گا۔ صدر مسعود پزشکیان نے واضح کیا کہ امریکا حملے بند کر دے تو اس سمندری راستے پر بین الاقوامی قوانین کے تحت آزادانہ نقل و حرکت بحال ہو سکتی ہے۔ خطے کی صورت حال پر گفتگو کرتے ہوئے ایرانی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کو پاکستان، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، روس اور چین سمیت اپنے کسی بھی پڑوسی ملک سے کوئی مسئلہ نہیں ہے بلکہ خطے میں موجود امریکی فوجی اڈوں پر اعتراض ہے جنہیں ایران پر حملوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ انہوں نے خطے کے ممالک پر زور دیا کہ وہ غیر ملکی طاقتوں کو خطے میں تفریق پیدا کرنے کا موقع دینے کے بجائے قیام امن اور سلامتی کے لیے آپس میں تعاون کی فضا پیدا کریں۔ عالمی معیشت پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ برکس اور نیو ڈیولپمنٹ بینک آزادانہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دے کر امریکی تسلط اور پابندیوں کا مؤثر مقابلہ کر سکتے ہیں۔ اس سے رکن ممالک کی امریکی معیشت اور ڈالر پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی اور ایک آزاد کثیر القطبی (ملٹی پولر) نظام تشکیل پائے گا۔ مسعود پزشکیان نے ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ تہران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا۔ انہوں نے کہا کہ ایران جوہری عدم پھیلا کے معاہدے (این پی ٹی) پر عمل پیرا ہے اور بین الاقوامی قانون کے دائرے میں مذاکرات کے لیے تیار ہے۔ ایرانی صدر نے ایرانی اعلی قیادت سمیت سائنس دانوں اور سویلین انفراسٹرکچر پر ہونے والے حملوں کی بھی سخت مذمت کی اور خوراک، ادویات اور تجارت پر عائد پابندیوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران جنگ نہیں چاہتا، تاہم پابندیوں یا فوجی دبا کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے گا۔

بقیہ 14

سے شدید ذہنی اذیت میں ہے۔ بغیر ٹرائل کے جیل میں قید بیٹے عمر خالد کی جدائی میں ان کی والدہ کی آنکھیں آج بھی نم ہیں۔ عمر خالد کے والد نے بھارتی نظام انصاف کو مکمل طور پر ناکارہ قرار دیتے ہوئے عدم اعتماد کا اظہار کیا جبکہ میئر نیویارک زہران ممدانی بھی عمر خالد کو خط لکھ کر اظہار یکجہتی کر چکے ہیں۔ سابق بھارتی جج دیپک گپتا نے بھارتی سپریم کورٹ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ عدالتی کارروائی کی تاخیر نے عمر خالد سے اس کی آزادی اور جلد از جلد انصاف کا حق چھین لیا ہے۔ عدالتی کارروائی کے بغیر عمر خالد کی طویل حراست نے بھارت میں انصاف کے دعوؤں کو کٹہرے میں لا کھڑا کیا ہے۔

بقیہ 15

میں انہوں نے کہا ہے کہ خطے کے تمام ممالک کو ایک میز پر بیٹھ کر خطے میں امن اور سلامتی قائم کرنی چاہیے۔ آج (پیر کو) مسقط میں آبنائے ہرمز پر ایران اور عمان کے درمیان متوقع معاہدے کے بارے میں ایرانی صدر نے کہا کہ اجلاس میں وہ تمام ممالک شریک ہوں گے جن کی سرزمین سے ایران پر حملہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایران اپنے بین الاقوامی حقوق چاہتا ہے، جنگ نہیں اب بھی امن کو ترجیح دیتے ہیں۔ مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ امریکا، اسرائیل اور یورپی ممالک چاہتے ہیں علاقے میں کوئی ملک آزاد نہ رہے۔

بقیہ 16

ہوئے کئی سوالات اٹھا دیئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مسلم لیگ ن کے ایک مشاورتی اجلاس میں میاں جاوید لطیف نے ملک میں نئے صوبوں کی بحث پر تبصرہ کرتے ہوئے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ اس طرح کے حساس اور اہم انتظامی امور کو ہوا میں نہیں لایا جا سکتا، یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک رات خواب دیکھیں اور پھر نئے صوبے بنا دیں، ان لوگوں سے بحث کروائی جا رہی ہے جن کا زمینی حقائق سے کوئی دور دور تک کا تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ کھل کر بتائیں کہ حکومت یا خود وزیراعظم کے پاس کتنے اختیارات ہیں کیونکہ اس حقیقت سے وہ خود بھی اچھی طرح واقف ہیں اور باقی سب بھی جانتے ہیں، کارکنوں اور رہنماؤں کو ہمیشہ مصلحت کا شکار رکھا جاتا ہے، جب جماعت مشکل میں ہوتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ جماعت اس وقت مشکل میں ہے لہذا خاموش رہو اور جب جماعت اقتدار میں ہوتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ ابھی چپ رہو، وہ ناراض ہو جائیں گے، پھر پارٹی کے اندر اصل بات کرنے کا موقع کب آنا چاہیے اور کب کی جانی چاہیے؟

بقیہ 17

ہینڈل کیے، کراچی پورٹ کی کارگو ہینڈلنگ 53 ملین ٹن سے بڑھ کر 55.8 ملین ٹن کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی۔ ریکارڈ کارگو کے ساتھ کراچی پورٹ پر گزشتہ مالی سال 2 ہزار 115 بحری جہازوں کی آمدورفت بھی ریکارڈ کی گئی۔ عالمی سطح پر شپنگ روٹس متاثر ہوئے تو کراچی پورٹ کے لیے ٹرانس شپمنٹ کے نئے تجارتی مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ خلیجی تنازع کے دوران کراچی پورٹ پر ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں اضافہ ہوا اور بحران کو تجارتی موقع میں تبدیل کیا گیا۔ پاکستان کے تقریباً 60 فیصد کارگو کا انحصار کراچی پورٹ سے منسلک تجارتی نظام پر ہے، جو بندرگاہ کی قومی اہمیت واضح کرتا ہے۔ میری ٹائم ٹاسک فورس کے اقدامات اور عالمی کسٹمز ٹرانزٹ نظام سے وسطی ایشیا سمیت دیگر ممالک تک پاکستانی کارگو کی ترسیل مزید آسان ہو رہی ہے۔ بہتر بندرگاہی کارکردگی، ٹرانس شپمنٹ اور علاقائی رابطوں میں بہتری سے پاکستان خطے کا اہم تجارتی اور لاجسٹکس مرکز بن گیا ہے۔

بقیہ 18

منفی پروپیگنڈے کا شکار ہو رہے ہیں، انہیں یہ سمجھنا ہوگا کہ اپنے مستقبل کو داؤ پر لگانے کے بجائے وہ قلم، علم اور شعور کے ذریعے بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ نوجوانوں کو مایوسی اور منفی سوچ سے نکال کر انہیں تعلیم، روزگار، ہنر اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا لازمی حصہ ہے اور یہ صوبہ ہمیشہ قائم و دائم اور سلامت رہے گا۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی امن، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ صوبائی وزراء نے قومی شاہراہوں اور اہم سڑکوں پر پلوں اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچانے کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شاہراہوں اور پلوں کو ناکارہ بنانے سے ریاست کو نہیں بلکہ براہ راست بلوچستان کے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسے اقدامات سے مسافروں، ٹرانسپورٹرز، تاجروں، مریضوں، طلبہ اور روزگار کے لیے سفر کرنے والے شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیمیں بلوچستان کے عوام کی خیرخواہ نہیں بلکہ ان کی دشمن ہیں۔ جو عناصر سڑکیں، پل اور عوامی املاک تباہ کر کے لوگوں کے معمولات زندگی متاثر کرتے ہیں، وہ کسی صورت عوام کے ہمدرد نہیں ہو سکتے۔ حکومت اور عوام مل کر ایسے عناصر کے عزائم کو ناکام بنائیں گے اور عوام کے جان و مال، بنیادی ڈھانچے اور صوبے کے امن کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ صوبائی وزراء نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ منفی پروپیگنڈے اور گمراہ کن بیانیے سے خود کو محفوظ رکھیں، تعلیم اور مثبت سوچ کو اپنائیں اور بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کا مستقبل نوجوان نسل سے وابستہ ہے اور باشعور، تعلیم یافتہ اور ہنر مند نوجوان ہی بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلوں تک پہنچا سکتے ہیں۔

بقیہ 19

موت واقع ہونے پر ڈاکٹر اپنا کلینک بند کر کے فرار ہو گیا والدین نے اپنے لختِ جگر کی اپنے ہاتھوں میں لاش اٹھا کر قومی شاہراہ پر دھرنا دیا اور شدید احتجاج کیا جس پر پولیس اور محکمہ صحت ڈیرہ اللہ یار کی انتظامیہ حرکت میں آ گئی واقعے کا مقدمہ درج کر کے ڈاکٹر کی تلاش شروع کر دی گئی

بقیہ 20

نہ صالح پٹ اور روہڑی نے اپنے حدود میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے اقدام قتل اور ڈکیتی وارادات کے کیسز میں 02 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم رحیم داد شمبھانی کرائم نمبر 2025/05 قلم 324,504,114,34 تھانہ صالح پٹ کے مقدمے میں پولیس کو مطلوب و اشتہاری تھا، جبکہ دوسرا ملزم عبداللہ عرف کراٹو میرانی کرائم نمبر 281/2023 قلم 392 تھانہ روہڑی کے مقدمے میں پولیس کو مطلوب تھا۔ ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔

بقیہ 21

ہے۔ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی، بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا پیپلز پارٹی کے منشور کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوشحال عوام، ترقی یافتہ بلوچستان کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے اور حلقہ انتخاب کی ترقی و خوشحالی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد سمیت حلقہ انتخاب جلد ترقی کی نئی منزلیں طے کرے گا اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کے حقوق اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی جدوجہد کرتی رہی ہے، آئندہ بھی عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی عوامی حکومت وزیر اعلی میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں خوشحال عوام ترقی یافتہ بلوچستان کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے اور بلوچستان کے تمام دور دراز علاقوں میں ترقیاتی فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے تاکہ عوام کو زندگی کی بہتر سہولیات کی فراہمی ممکن ہو سکے۔

بقیہ 22

سمیت دیگر سامان برآمد کر لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارروائی ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن کی نگرانی میں کی گئی جس میں ڈی ایس پی محمد داؤد کھوسہ ایس ایچ او ستی محمد ندیم بہرانی ایگل اسکواڈ انچارج شاہنواز کھوسہ کرم حسین ببر اور دیگر پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا۔ پولیس ٹیم نے خفیہ اطلاع پر سندھ کے علاقے میں ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کے ممکنہ ٹھکانوں پر چھاپے مارے اور وہاں سے وارداتوں میں استعمال اور چھینا گیا سامان برآمد کیا۔ پولیس حکام کے مطابق برآمد ہونے والی موٹر سائیکلوں اور دیگر سامان کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں جبکہ کارروائی کے دوران جرائم پیشہ عناصر کی نقل و حرکت اور ممکنہ ٹھکانوں سے متعلق بھی معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں۔ ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن نے کہا کہ ڈاکوؤں چوروں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں امن و امان کے قیام کے لیے پولیس ٹیمیں متحرک ہیں، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی۔ پولیس حکام نے واضح کیا کہ عوام کے تعاون اور خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 23

بلکہ انتہائی اہم صنعت کو بھی تقویت ملے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی نمائش کی تیاریوں کے جائزے کے سلسلہ میں اتوار کو منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمٰن، سینئر ممبر عثمان اشرف، سعید خان، سیکرٹری محمد ریاض سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ اجلاس میں غیر ملکی خریداروں کی جانب سے پاکستان میں منعقدہ عالمی نمائش میں شرکت کے حوالے سے پرجوش ردعمل پر اطمینان کا اظہار کیا گیا جبکہ ون ٹو ون اور بی ٹو بی ملاقاتوں کے ذریعے کاروباری روابط مضبوط بنانے کیلئے مختلف تجاویز کا جائزہ بھی لیا گیا۔ چیئرمین ایگزیبیشن ریاض احمد نے اجلاس کو اب تک کی تیاریوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 24

اس موقع پر کہا کہ برطانیہ حوثیوں کے حملوں کیخلاف سعودی حکومت کے ساتھ کھڑا ہے۔ اس سے قبل سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے ترکیہ اور قطر کے وزرائے خارجہ سے بھی رابطہ کیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق فیصل بن فرحان اور ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے دوران گفتگو علاقائی صورتحال پر بات چیت کی، دونوں رہنماؤں نے علاقائی کشیدگی میں کمی کیلئے تعاون جاری رکھنے کا عزم کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے خطے کی آبی گزرگاہوں میں سکیورٹی اور آزادانہ بحری آمدورفت یقینی بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں مضبوط بنانے پر بھی اتفاق کیا۔ فریقین کی جانب سے کہا گیا کہ بحری راستوں کا تحفظ علاقائی استحکام اور عالمی تجارت و سپلائی چینز کے تحفظ کیلئے انتہائی اہم ہے۔ قبل ازیں سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے قطری وزیراعظم سے بھی ٹیلی فونک رابطہ کیا، قطری وزیراعظم نے ایسٹ ویسٹ پائپ لائن پر حملے کی مذمت کی۔

بقیہ 25

کی کوششیں عوام کے اتحاد کے سامنے ناکام ہوں گی۔ عراقی وزیراعظم نے عراق کے سکیورٹی اداروں کی حمایت اور انہیں مزید ترقی دینے کے لئے اپنی حکومت کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے بتایا کہ سرحدی گزرگاہوں پر سکیورٹی اقدامات مزید سخت کرنے کی ہدایات بھی جاری کر دی ہیں، جبکہ سعودی عرب پر حملوں کی تحقیقات کے لیے اعلی سطح کی کمیٹی قائم کر دی ہے۔

بقیہ 26

بیا چھ سال سے مرگی کے مرض میں مبتلا ہے اور اس کا باقاعدگی سے طبی علاج جاری ہے۔ ان کے مطابق خاتون کے علاج سے متعلق ایف سی ہسپتال سمیت دیگر تمام مستند طبی دستاویزات بھی ان کے پاس موجود ہیں جنہیں ضرورت پڑنے پر متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیا جا سکتا ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران خاندان کے افراد نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ واقعے کے روز خاتون گھر میں کھانا (سالن) تیار کر رہی تھی کہ اس دوران اسے اچانک مرگی کا شدید دورہ پڑ گیا۔ اس وقت گھر میں کوئی بھی مرد موجود نہیں تھا، جس پر فوراً وہاں موجود خواتین نے اسے اٹھایا اور فوری طبی امداد کے لیے ڈاکٹر کے پاس پہنچایا۔ خاندان کا کہنا تھا کہ واقعے کے دوران خاتون کے چہرے کا ایک حصہ آگ سے متاثر ہو گیا تھا، جس پر ڈاکٹر نے ابتدائی طبی امداد اور ضروری ادویات تجویز کرتے ہوئے جلد کے جھلنے کو اس ناگوار حادثے کی وجہ قرار دیا تھا۔ سسرالی رشتہ داروں کا کہنا تھا کہ اس حادثے اور واقعے کو تیزاب گردی سے جوڑنا حقائق کے بالکل منافی اور سراسر بے بنیاد ہے۔ خاندان نے شدید دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ پچھلے چھ سال سے اپنی اس مریضہ کا مسلسل علاج کروا رہے ہیں اور اس کا شوہر اپنی محنت کی کمائی اس کی دیکھ بھال پر خرچ کرتا چلا آ رہا ہے، ایسے میں اس نوعیت کے بے بنیاد الزامات نے ان کے خاندان کی عزت اور ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ کسی بھی قسم کی غیر جانبدارانہ تحقیقات اور قانونی کارروائی میں مکمل تعاون کے لیے تیار ہیں تاکہ حقائق واضح ہو سکیں۔ پریس کانفرنس کے آخر میں خاندان کے افراد نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر اعلی حکام سے پرزور اپیل کی کہ اس پورے واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، تمام طبی ریکارڈ اور شواہد کا بغور جائزہ لیا جائے اور اگر ان کا مقف سچ ثابت ہو تو انہیں اس طرح کے بے بنیاد الزامات سے تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے تاکہ دونوں خاندانوں کے ساتھ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں۔

بقیہ 27

نے مبینہ طور پر ان کیلئے دل کا ایک طبی طریقہ علاج تجویز کیا ہے جبکہ مزید سرجری کی ضرورت بھی پیش آ سکتی ہے۔ سیلیا فلورس کے وکلا کا موقف ہے کہ ایسے علاج کے بعد صحت یابی کے لیے حراستی مرکز موزوں ماحول فراہم نہیں کر سکتا۔ وکلا نے عدالت کو تجویز دی ہے کہ سیلیا فلورس کو مین ہٹن میں ایک رہائش گاہ منتقل کیا جائے، جہاں انہیں عدالت کی سخت نگرانی میں رکھا جائے گا، مجوزہ انتظام کے تحت سیلیا فلورس کی 24 گھنٹے مسلح نگرانی کی جائے گی، جبکہ ان سے ملاقات کرنے والے افراد کیلئے عدالت اور وفاقی استغاثہ سے پیشگی منظوری لینا ضروری ہوگا۔ ان کی رہائش گاہ کی ویڈیو کے ذریعے نگرانی بھی کی جائے گی اور ٹیلی فون کالز ریکارڈ کی جائیں گی۔ سیلیا فلورس اور نکولس مادورو اس وقت نیویارک میں زیر حراست ہیں اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے ان کے خلاف منشیات اور ہتھیاروں سے متعلق الزامات عائد کیے گئے ہیں، دونوں الزامات سے انکار کرتے ہوئے خود کو بے قصور قرار دے چکے ہیں، دونوں کے خلاف مقدمے کی سماعت آئندہ سال جون میں مقرر ہے۔ امریکی وفاقی جج ایلون کے ہیلرسٹین نے تاحال سیلیا فلورس کی گھر میں نظربندی کی درخواست پر فیصلہ نہیں دیا۔

بقیہ 28

باہمی مشاورت کو آگے بڑھانے سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔

بقیہ 29

تاکہ صوبے میں ممکنہ گندم اور آٹے کے بحران سے بچا جا سکے۔

بقیہ 30

کے میٹر کی باڈی ٹیمپرڈ تھی اور دونوں سائیڈ کی سیل توڑ کر بجلی چوری کی جا رہی تھی۔ فیسکو حکام کے مطابق بجلی کا میٹر نعیم حیدر پنچوتھہ کے ڈیرے پر نصب تھا۔ تاحال مقدمہ درج ہونے کے بعد پی ٹی آئی رہنما کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جا سکی۔

بقیہ 31

ساز و سامان ضبط کر لیا۔ دریں اثنا حوثی فوج کے ترجمان یحیی ساری نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ حملہ جنوبی سعودی عرب میں واقع شرورا فوجی اڈے پر کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق حملوں میں سعودی عرب کے اسلحہ گوداموں، کمانڈ اینڈ کنٹرول مراکز اور دیگر عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ حوثی ترجمان نے دعوی کیا کہ حملے بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے انجام دیے گئے۔ یحیی ساری نے حملے کے وقت یا ممکنہ نقصان کی تفصیلات فراہم نہیں کیں، تاہم انہوں نے سعودی عرب کو خبردار کیا کہ اگر یمن کے خلاف فوجی کارروائیاں جاری رہیں تو سعودی سرزمین کے اندر مزید وسیع اور شدید حملے کیے جائیں گے۔ تاحال سعودی حکام کی جانب سے حوثیوں کے اس دعوے پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا ہے۔ دریں اثنا انصار اللہ نے یمن پر 48 گھنٹوں میں سعودی عرب کے ایک سو انتیس فضائی حملوں کا دعوی کیا ہے۔ انصار اللہ کا کہنا ہے کہ مختلف علاقوں پر کیے گئے حملوں کا سعودی عرب کو جواب دیا جائے گا۔ حوثیوں نے نصف گھنٹے تک جاری لڑائی کی ویڈیو بھی جاری کر دی۔ روسی میڈیا کے مطابق محاذ چھوڑ کر بھاگنے والوں پر حوثیوں نے حملہ کر کے گاڑیوں کو آگ لگا دی۔

بقیہ 32

۔ انسداد پولیو کی مہم میں خدمات انجام دینے والے ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے، مذکورہ اضافہ ان ورکرز کی انتھک محنت اور خدمات کی بدولت کیا گیا ہے۔ ملک میں پولیو کیسز کی تعداد میں 99 اعشاریہ 8 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 1990 کے اوائل میں اندازاً 20 ہزار سے کم ہو کر 2025 میں 31 اور 2026 میں 3 کیسز تک محدود ہو گئی ہے۔

بقیہ 33

کے دوران تھرپارکر، عمرکوٹ، میرپورخاص، بدین، سجاول اور ٹنڈو محمد خان کے اضلاع میں تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ چند مقامات پر وقفے وقفے سے درمیانی اور کہیں کہیں موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ 14 سے 15 ستمبر کے دوران سانگھڑ، خیرپور، حیدرآباد، ٹنڈو اللہ یار، مٹیاری اور جامشورو کے اضلاع میں بھی تیز ہواؤں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی شدت کی بارش کا امکان ہے۔

بقیہ 34

نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ حفاظتی بندات کی تعمیر و مضبوطی کا کام منظور شدہ پی سی ون کے مطابق ہر صورت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، تعمیراتی کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور متعلقہ انجینئرز اپنی نگرانی میں تمام کام مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کرائیں تاکہ ممکنہ سیلابی صورتحال کے دوران انسانی جانوں، آبادیوں اور قیمتی املاک کو نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور حفاظتی اقدامات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 35

کارکن اشتیاق کے گھر جاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پر مسلط کی گئی ناجائز حکومت اور ان کے ہینڈلرز کی جانب سے تحریک انصاف کے کارکنان پر ایسا ظلم کیا جا رہا ہے کہ سن کر ہر مسلمان شرم سار ہو رہا ہے۔ سہیل آفریدی نے الزام عائد کیا کہ لاہور میں عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تیاری کے دوران تحریک انصاف کے کارکنان کے خلاف غیر قانونی چھاپے اور پکڑ دھکڑ کے دوران ہمارے سینئر کارکن اشتیاق احمد کو گرم تیل کے کڑاھے میں گرا دیا تھا اور وہ جھلسنے کی وجہ سے آج شہید ہو گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں کل لاہور میں شہید اشتیاق کی رہائش گاہ پر اظہار تعزیت کے لیے جاؤں گا۔

بقیہ 36

کر رہی تھی کہ الٹ گئی، جس میں نجی باورچی صابر شاہانی جاں بحق جبکہ 7 پولیس اہلکار شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زخمی 7 اہلکاروں اور جاں بحق شخص کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا گیا، زخمی اہلکاروں کو طبی امداد کے بعد سیہون منتقل کر دیا گیا، جن کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ حادثے کے بعد ایس ایس پی دادو کیپٹن ریٹائرڈ صدام حسین خاصخیلی بھی اسپتال پہنچ گئے تھے، جہاں انہوں نے ایمبولینس نہ ہونے پر عملے پر برہمی کا اظہار کیا، ریسکیو 1122 کی ایمبولینس کے لیے بھی ڈیڑھ گھنٹے تک انتظار کرنا پڑا۔ زخمی پولیس اہلکاروں میں یوسف، زید، لعل بخش، ماجد، سکندر، احسان اور شیراز شامل ہیں، جاں بحق شخص ڈی ایس پی اکبر چنہ کا نجی باورچی بتایا جاتا ہے، حادثے کے وقت ڈی ایس پی پولیس موبائل میں موجود نہیں تھے۔

بقیہ 37

قبل ازیں امریکا نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تیل بردار بحری جہازوں کو مخصوص اوقات میں سفر کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ان کے لیے فضائی دفاع کے اوقات محدود کر دیئے ہیں۔ برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز کے مطابق فیصلہ رات کے اوقات میں ایران کی جانب سے بحری جہازوں پر حملوں کے بعد کیا گیا ہے۔

بقیہ 38

گئی تھیں۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق خاتون کو 12 ستمبر کی صبح تقریباً ساڑھے چار بجے اسپتال لایا گیا، مریضہ میں ریبیز وائرس کی تمام علامات موجود ہیں۔

بقیہ 39

خود خالد مقبول صدیقی کو را کا ایجنٹ قرار دے چکے ہیں، مصطفیٰ کمال نے یہ بھی کہا تھا کہ خالد مقبول صدیقی بھارت گئے تو وہاں اپنا پاکستانی پاسپورٹ پھاڑ دیا تھا، خالد مقبول صدیقی وضاحت کریں کہ مصطفیٰ کمال اس وقت جھوٹ بول رہے تھے یا آج سچ بول رہے ہیں؟۔ قادر پٹیل نے مزید کہا کہ عوام کو نئے صوبوں کا لولی پوپ دینے سے پہلے بتائیں کہ بوری بند نعشیں کس کا کلچر ہے؟ بھتے کی لالچ میں کراچی کی صنعتیں کس نے برباد کیں؟ قادر پٹیل نے کہا کہ ایم کیو ایم مگرمچھ کے آنسو بہانہ بند کرے۔ پیپلز پارٹی سندھ کے عوام کو تقسیم کرنے کی ہر کوشش کے خلاف جمہوری اور آئینی جدوجہد جاری رکھے گی۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ خالد مقبول صدیقی جتنی بار صوبے کا کارڈ کھیلیں گے، عوام اتنی ہی بار ان سے حساب مانگیں گے، سندھ، خاص طور پر کراچی کے عوام کسی ایسے سیاسی ایجنڈے کا حصہ نہیں بنیں گے جس کا مقصد لسانی بنیادوں پر تقسیم ہو۔

بقیہ 40

بڑی کمپنی سعودی آرامکو کے حصص بھی 1.1 فیصد نیچے آئے، جبکہ رابغ ریفائننگ اینڈ پیٹروکیمیکل کمپنی کے حصص میں 7.3 فیصد کی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی، جو مارکیٹ میں سب سے بڑی گراوٹ تھی۔

بقیہ 41

میں بند ہو گیا۔ شوہر کا کہنا ہے کہ 5 روز گزرنے کے باوجود بیوی اور بچوں کا سراغ نہیں مل سکا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ خاتون کے لاپتہ ہونے کا واقعہ 4 ستمبر کو پیش آیا تھا۔

بقیہ 42

، سردار خیر محمد ترین، ثناء اللہ جتک، سردار خیر محمد ترین، نصیب اللہ اچکزئی، نعیم بلوچ، اختر بلوچ، ارباب اسد کاسی، سردار سرور سلیمانخیل، شہزادہ کاکڑ، شاہجہان گجر، نذر کاکڑ، ایم ظاہر موسیٰ خیل، انجینئر احسان، امتیاز جتک، عبدالغفور جعفر، اکرم گل، رحمت اللہ کدیزئی، اقلیتی ونگ کے جعفر جارج سمیت ڈویژنل و ضلعی عہدیداروں اور صوبائی کونسل کے ممبران نے خطاب کیا۔ اجلاس میں بلوچستان بھر سے پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین، تمام ڈویژنز کے صدور، جنرل سیکریٹریز اور انفارمیشن سیکریٹریز، اضلاع کے صدور، جنرل سیکریٹریز و انفارمیشن سیکریٹریز، صوبائی کونسل کے اراکین جبکہ پارٹی کے تمام ونگز اور فورمز کے صدور، جنرل سیکریٹریز اور انفارمیشن سیکریٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں، عہدیداران اور کارکنوں نے تنظیمی معاملات، عوامی مسائل، کارکنوں کو درپیش مشکلات اور پارٹی کو مزید فعال و مضبوط بنانے کے حوالے سے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔ صوبائی قیادت نے تمام شرکاء کی بات غور سے سنی اور یقین دہانی کرائی کہ پیش کی جانے والی تجاویز کو سنجیدگی سے زیر غور لایا جائے گا اور قابلِ عمل تجاویز کو جلد عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ اجلاس میں پارٹی سیکریٹریٹ کے قیام اور اسے فعال بنانے کے عمل کو بھی جلد عملی جامہ پہنانے پر زور دیا گیا تاکہ پارٹی عہدیداران اور کارکنوں کو ایک مؤثر اور منظم تنظیمی پلیٹ فارم میسر آ سکے۔ اجلاس میں موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل، پارٹی کی تنظیمی کارکردگی، آئندہ کی سیاسی حکمتِ عملی اور عوامی رابطہ مہم کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں جمہوریت، آئین کی بالادستی، پارلیمان کی مضبوطی، صوبائی حقوق، عوامی فلاح و بہبود اور بلوچستان کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد مزید بھرپور انداز میں جاری رکھے گی۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر و سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کو گراس روٹس لیول تک مزید مضبوط، منظم اور فعال بنایا جائے گا کارکنوں کے ساتھ رابطوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اور یونٹ، یوسی، تحصیل، ضلع اور ڈویژن کی سطح پر پارٹی تنظیم کو فعال کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج نے کہا کہ پارٹی کارکن پارٹی کا اصل سرمایہ ہیں ان کے جائز مسائل کے حل اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی کارکنوں کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور ان کی فلاح و بہبود کو پارٹی کی ترجیحات میں شامل رکھا جائے گا۔ مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و سابق وفاقی وزیر سردار باز محمد خان کھیتران نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی اصل طاقت اس کے کارکن اور تنظیم ہیں پارٹی کو مضبوط بنانے کے لیے ضروری ہے کہ قیادت اور کارکنوں کے درمیان رابطہ مزید مضبوط کیا جائے اور کارکنوں کی تجاویز اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر سنا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کو گراس روٹس لیول پر منظم اور فعال بنا کر عوام کے ساتھ براہ راست رابطے کو مزید مؤثر کیا جائے گا۔ سردار باز محمد خان کھیتران نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں پارٹی کارکنوں کو درپیش مسائل اور تنظیمی معاملات کے حل کے لیے باہمی مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، جبکہ پارٹی کے منشور اور قیادت کے پیغام کو عوام تک پہنچانے کے لیے تمام ونگز اور فورمز کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 43

سے شدید ذہنی اذیت میں ہے۔ بغیر ٹرائل کے جیل میں قید بیٹے عمر خالد کی جدائی میں ان کی والدہ کی آنکھیں آج بھی نم ہیں۔ عمر خالد کے والد نے بھارتی نظام انصاف کو مکمل طور پر ناکارہ قرار دیتے ہوئے عدم اعتماد کا اظہار کیا جبکہ میئر نیویارک زہران ممدانی بھی عمر خالد کو خط لکھ کر اظہار یکجہتی کر چکے ہیں۔ سابق بھارتی جج دیپک گپتا نے بھارتی سپریم کورٹ کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ عدالتی کارروائی کی تاخیر نے عمر خالد سے اس کی آزادی اور جلد از جلد انصاف کا حق چھین لیا ہے۔ عدالتی کارروائی کے بغیر عمر خالد کی طویل حراست نے بھارت میں انصاف کے دعوؤں کو کٹہرے میں لا کھڑا کیا ہے۔

بقیہ 44

۔ بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ان منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 689.99 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع شیرانی کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل رہی ہے۔ ضلع شیرانی میں انفراسٹرکچر کی بہتری سے مقامی آبادی کیلئے روزمرہ زندگی مزید آسان بنانے کی بنیاد بھی مضبوط ہوئی ہے۔ ایف سی بلوچستان نارتھ، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے ترقیاتی منصوبوں کی موثر اور کامیاب نگرانی میں اہم کردار ادا کیا، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ریاستی اداروں کے عوامی خدمت اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے عزم کو تقویت مل رہی ہے۔ عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پائیدار انفراسٹرکچر کے ذریعے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 45

فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے، جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجرا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کا معاملہ حکومت کے لیے بڑا چیلنج بن سکتا ہے اور مذاکرات کے دوران پاکستان کو گردشی قرضے پر سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، جس کے تحت وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات کم کرنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں، سرکاری اخراجات میں کمی کے لیے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے، جبکہ رواں مالی سال کے لیے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط سے بھی آگاہ کرے گا۔

بقیہ 46

رکھنے والے نامور ملھ پہلوانوں نے شرکت کی اور اپنی جسمانی مہارت اور فنِ ملاکھڑا کے شاندار جوہر دکھائے۔ مقابلے دیکھنے کے لیے بڑی تعداد میں شائقین موجود تھے، جنہوں نے پہلوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور کامیاب پہلوانوں کو خوب داد دی۔ میلے کی افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی ملھ ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر و چیئرمین میونسپل کمیٹی لاکھڑا مولا بخش گنگو تھے۔ اس موقع پر ٹیکنیکل آفیسر گڈانی سردارزادہ غلام سرور شیخ، پرنسپل پولیٹیکل کالج اوتھل ظفر معراج، سید حیدر شاہ بخاری، سینئر پولیس آفیسر نصیر عاصم خاصخیلی، خاصخیلی برادری کے معزز شخصیت میر غلام حسین خاصخیلی، محمد انور خاصخیلی سمیت دیگر معززین اور شہری بھی موجود تھے۔ ملاکھڑا کے مقابلوں کے دوران پہلوانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ بھرپور مقابلہ کیا، جس سے میلے کا ماحول جوش و خروش سے بھر گیا۔ پہلی، دوسری، تیسری اور چوتھی جوڑ میں کامیاب ہونے والے ملھ پہلوانوں میں مہمانِ خصوصی اور درگاہ انتظامیہ کی جانب سے نقد انعامات، ونر و رنر اپ ٹرافیاں تقسیم کی گئیں، جبکہ بزرگ ہستی سید حیدر شاہ بخاری کی جانب سے کامیاب پہلوانوں کو پگ بھی پہنائی گئی۔ اس موقع پر مہمانانِ گرامی کو روایتی اجرک کے تحائف بھی پیش کیے گئے۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی مولا بخش گنگو نے کہا ہے کہ ملاکھڑا سندھ اور بلوچستان کی قدیم اور خوبصورت ثقافتی روایت ہے، جس کے فروغ کے لیے ایسے مقابلوں کا انعقاد انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت سید حسین شاہ کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر ملاکھڑا کے شاندار مقابلوں کا انعقاد قابلِ تحسین اقدام ہے، جس سے نہ صرف پہلوانوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے بلکہ نوجوان نسل کو بھی اپنی ثقافت اور کھیلوں سے جوڑنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملاکھڑا ہماری ثقافتی شناخت کا اہم حصہ ہے، اس لیے اس قدیم کھیل کے فروغ اور پہلوانوں کی سرپرستی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کامیاب پہلوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے درگاہ انتظامیہ اور منتظمین کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ میلے کے دوران معروف کمینٹیٹر مقبول احمد شاہوانی نے اپنے منفرد انداز میں کمینٹری کے فرائض سرانجام دیے، جس سے شائقین کا جوش مزید بڑھتا رہا۔ خلیفہ منظور احمد اور انور خاصخیلی نے میلے کے کامیاب انعقاد پر سیکیورٹی اہلکاروں، پولیس انتظامیہ، مہمانانِ گرامی اور تمام تعاون کرنے والے افراد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے خصوصی طور پر اسپورٹس آفیسر واجہ خدابخش بلوچ کا بھی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے ہمیشہ ایسے ملاکھڑا مقابلوں کے انعقاد میں بھرپور تعاون کیا ہے۔ میلے کے دوران امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ایس ایس پی نجیب اللہ پندرانی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل وحید مگسی کی نگرانی میں پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ سینئر پولیس افسران محمد ہاشم شاہوک، محمد علی شیخ اور برسات علی رونجھو کی موجودگی میں پولیس اہلکاروں نے سیکیورٹی کے فرائض انجام دیے اور میلے کے دوران امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھا۔

بقیہ 47

جواب میں ایرانی پارلیمنٹ کی صدارتی کمیٹی کے ترجمان عباس گودرزی نے کہا ہے کہ ایٹمی ہتھیاروں کے عدم پھیلا کے معاہدے یعنی این پی ٹی سے الگ ہونا اور ملک کے ایٹمی نظریے پر نظرِ ثانی کرنا ممکنہ آپشنز ہیں۔ ایرانی نیوز ایجنسی فارس کے مطابق عباس گودرزی نے مزید کہا کہ این پی ٹی کو چھوڑنے اور ایٹمی پالیسی بدلنے سے امریکا اور اس کے حواریوں کو ان کی صحیح جگہ دکھائی جا سکتی ہے۔

بقیہ 48

، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ دنیا میں امن و امان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے، امریکہ نے اپنے مفادات کے حصول کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں جنگوں، سیاسی عدم استحکام اور معاشی دبا کو فروغ دیا، جس کے منفی اثرات آج بھی پوری دنیا کو بھگتنا پڑ رہے ہیں، پاکستان میں جاری شورش اور بدامنی کے حوالے سے بھی امریکہ کی پالیسیوں اور خطے میں اس کے تزویراتی مفادات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، عالمی طاقتوں کو طاقت کے بجائے انصاف، خودمختاری اور باہمی احترام کے اصولوں کو ترجیح دینا ہوگی، فلسطین، افغانستان، مشرق وسطی اور دیگر خطوں میں جاری بحرانوں کا مستقل حل طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی، سفارتی اور منصفانہ طریقہ کار سے ہی ممکن ہے، رہنماں نے کہا کہ جب تک دنیا پر چند طاقتوں کی بالادستی، دوہرے معیار اور مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت تک حقیقی عالمی امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا، پاکستان کو بھی اپنی خارجہ پالیسی قومی مفادات، ملکی خودمختاری اور خطے کے امن کو سامنے رکھتے ہوئے تشکیل دینی چاہیے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک کے کسی بھی حصے میں بدامنی کے خاتمے کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی مذاکرات، آئین و قانون کی بالادستی، عوام کے بنیادی حقوق اور محرومیوں کے ازالے کو یقینی بنایا جائے، جمعیت علما اسلام ہر قسم کی دہشت گردی، انتہاپسندی اور بیرونی مداخلت کی مخالفت کرتے ہوئے ملک میں امن، سیاسی استحکام، جمہوری تسلسل اور قومی وحدت کے لیے اپنا مثبت اور اصولی کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 49

طبی امداد کی فراہمی کے بعد کوئٹہ کے ٹراما سینٹر میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ اس ناگوار واقعے کی اطلاع ملتے ہی اساتذہ اور دیگر سماجی حلقوں نے اسپتال پہنچ کر ان کی عیادت کی اور ان کی صحت سے متعلق دریافت کیا۔ اس موقع پر حکومت ٹیچر ایسوسی ایشن (جی ٹی اے) کے سابق جنرل سیکرٹری استاد شیر دل ہنگلزئی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک المناک حادثہ تھا جس پر ہمیں شدید دکھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عبدالحمید ابڑو ایک انتہائی فرض شناس اور تعلیم دوست افسر ہیں جو ہر وقت تعلیمی معاملات اور بہتری کے لیے فکر مند رہتے ہیں، اور ایسے مخلص افسر معاشرے میں بہت کم پائے جاتے ہیں۔ اساتذہ اور رہنماؤں نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ اللہ تعالی عبدالحمید ابڑو کو جلد و کامل صحت عطا فرمائے تاکہ وہ تندرست ہو کر ایک بار پھر اپنے فرائضِ منصبی پر واپس لوٹ سکیں۔

بقیہ 50

حوثی ترجمان نے حملے کی تاریخ یا اس کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ جانی و مالی نقصان کی تفصیلات نہیں بتائیں۔ اس دعوے کی آزاد ذرائع سے فوری طور پر تصدیق بھی نہیں ہو سکی۔ یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کے اتحادی حوثیوں اور سعودی عرب کی حمایت یافتہ یمنی حکومتی فورسز کے درمیان رواں ہفتے جھڑپوں میں اضافہ ہوا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے کے مطابق جولائی سے یمن میں جاری لڑائی کے باعث تقریباً 76 ہزار افراد بے گھر ہو چکے ہیں، جبکہ حالیہ کشیدگی میں اضافے کے بعد نقل مکانی کی رفتار مزید تیز ہوئی ہے۔

بقیہ 51

کی اس پیش قدمی نے عالمی منڈیوں میں بھی تشویش پیدا کر دی ہے، جبکہ یمن کے شہریوں کو خدشہ ہے کہ تازہ کشیدگی ملک کو ایک بار پھر تباہ کن خانہ جنگی کی جانب دھکیل سکتی ہے حوثی فوجی ترجمان بریگیڈیئر جنرل یحییٰ سریع نے ایک بیان میں دعویٰ کیا کہ حوثی فورسز نے سعودی عرب کے علاقے نجران میں شرورہ کے قریب ایک فوجی اڈے کو میزائل اور ڈرون حملے کا نشانہ بنایا تاہم ترجمان نے اپنے دعوے کے حق میں کوئی ثبوت فراہم نہیں کیا اور نہ ہی یہ بتایا کہ حملہ کب کیا گیا۔ دوسری جانب سعودی سول ڈیفنس نے رات گئے جاری بیان میں کہا کہ یمن کی سرحد کے قریب بحیرہ احمر کے ساتھ واقع ''التوال گورنریٹ'' میں ایک میزائل نما گولہ گرا، جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوئے جبکہ ایک مسجد اور متعدد عمارتوں کو نقصان پہنچا سعودی حکام نے اس حملے کا الزام حوثیوں پر عائد کیا بیان کے مطابق شرورہ کے علاقے میں فضائی حملے کے سائرن بھی بجائے گئے تاہم کسی جانی نقصان یا اضافی مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی. سعودی عرب کی جانب سے اتوار کو حوثیوں کے خلاف کسی نئے حملے کے حوالے سے فوری طور پر کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا حوثی باغی حالیہ دنوں میں سعودی تیل تنصیبات اور بحری جہازوں کو بھی نشانہ بناتے رہے ہیں اور انہوں نے خطے میں ایک نئی بحری ناکہ بندی کا اعلان کیا ہے۔ حوثیوں کا کہنا ہے کہ دیگر تجارتی بحری جہازوں کے لیے کوئی خطرہ نہیں، تاہم باب المندب میں بدلتی ہوئی صورتحال نے عالمی منڈیوں میں بے چینی پیدا کر دی ہے عالمی مارکیٹ میں نئی کشیدگی کے اثرات کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ ہوا ہے،

پیپلز پارٹی کو بلوچستان میں مزید فعال بنایا جائے گا، عمر گورگیج

پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل کو ہرصورت حل کیا جائے گا، سردار باز محمد خان کھیتران

پارٹی کارکن پارٹی کا اصل سرمایہ ہیں ان کے جائز مسائل کے حل اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج اور مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن و سابق صوبائی وزیر سردار باز محمد خان کھیتران نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان میں گراس روٹس لیول تک مزید مضبوط، منظم اور فعال بنایا جائے گا کارکنوں کے ساتھ رابطوں کو مزید موثر اور یونٹ، یوسی، تحصیل، ضلع اور ڈویژن کی سطح پر پارٹی تنظیم کو فعال کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل کو ہرصورت حل کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی ایگزیکٹیو، صوبائی کونسل، ڈویژنل، ضلعی اور بلوچستان کے تمام ونگز اور فورمز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے ثناء اللہ جتک (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

ضلع شیرانی میں ترقیاتی منصوبوں سے عوامی سہولیات، معیارِ زندگی میں نمایاں بہتری

ضلع میں مجموعی طور پر 116 ترقیاتی منصوبے منظور کیے گئے، 115 منصوبے مکمل ہو گئے

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع شیرانی میں ترقیاتی منصوبوں نے علاقے میں تعمیر وترقی کی نئی بنیاد رکھ دی۔ فیزون اور ٹو کے تحت ضلع شیرانی میں مجموعی طور پر 116 ترقیاتی منصوبے منظور کیے گئے، جن میں سے 115 منصوبے مکمل ہوچکے (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی

آئی ایم ایف جائزہ مذاکرات، پاکستان کو نئے اہداف اور شرائط سے آگاہ کیے جانے کا امکان

اسلام آباد/نیویارک (جی این ایم) آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی جبکہ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات ورچوئلی ہوں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ آئی ایم ایف (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

اوتھل، حضرت سید حسین شاہ کا سالانہ عرس اور روایتی ملاکھڑا میلہ اختتام پذیر

ملاکھڑا سندھ اور بلوچستان کی قدیم ثقافتی روایت ہے، مولابخش گنگو

اوتھل (یو این اے) اوتھل کی معروف بزرگ ہستی حضرت سید حسین شاہ کے سالانہ عرس مبارک کے سلسلے میں منعقدہ تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہوگیا۔ میلے کے دوران روایتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جبکہ سندھ اور بلوچستان کی ثقافتی پہچان ملھ (ملاکھڑا) کے شاندار مقابلوں نے حاضرین کو خوب محظوظ کیا۔ ملاکھڑا کے مقابلوں میں سندھ، بلوچستان اور پنجاب سے تعلق (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

جمعیت کوئٹہ کا عالمی بدامنی کے پسِ پردہ امریکی بالادستی اور مداخلت پسندانہ پالیسیوں کو بنیادی وجہ قرار

دنیا میں امن کیلئے طاقت کے بجائے انصاف، خودمختاری اور باہمی احترام کے اصول اپنائے جائیں، جمعیت علما اسلام

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

صحبت پور، محکمہ تعلیم کے افسر عبدالحمید ابڑو ٹریفک حادثے میں زخمی، کوئٹہ ٹراما سینٹر میں زیرِ علاج

عبدالحمید ابڑو ایک تعلیم دوست افسر ہیں، ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں، استاد شیر دل ہنگڑئی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کے محکمہ تعلیم کے افسر عبدالحمید ابڑو کو ڈھاڈر کے قریب پیش آنے والے ایک حادثے کے نتیجے میں ٹانگ میں فریکچر آگیا ہے، جنہیں ابتدائی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

نئے صوبوں کا معاملہ قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے، چودھری شجاعت

عوام کو بہتر طرزِ حکمرانی، بنیادی سہولیات اور فوری انصاف فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، صدر مسلم لیگ (ق)

موثر، بااختیار اور مضبوط انتظامی یونٹس بھی انتظامی مسائل کا حل ہوسکتے ہیں، آصف جمال، جنرل سیکرٹری آفاق خٹک سے ملاقات میں گفتگو

لاہور (جی این ایم) صدر پاکستان مسلم لیگ چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے۔ چودھری شجاعت حسین سے مسلم لیگ سندھ کے صدر آصف جمال، جنرل سیکرٹری آفاق خٹک نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چودھری شجاعت حسین کا کہنا تھا کہ سندھ کی ترقی اور محرومیوں کے خاتمے میں مسلم لیگ کا تاریخی کردار ہے، قومی اتفاق رائے اور مشاورت سے مسائل کا حل نکالا جائے، عوام کو بہتر طرز حکمرانی، بنیادی سہولیات اور فوری انصاف فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے، نئے صوبوں کا فیصلہ سیاسی مفادات یا وقتی نعروں کے بجائے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ایف بی آر کی 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے مہم کا آغاز

20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا، ایک صفحے کا سادہ فارم جاری

اسلام آباد (اے این این) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے مہم شروع کردی۔ ایف بی آر نے رجسٹریشن کیلئے اردو اور علاقائی زبانوں میں ایک صفحے کا سادہ فارم جاری کردیا گیا، 20 کروڑ روپے تک سالانہ ٹرن اوور والے دکانداروں کو ایک فیصد ٹیکس دینا ہوگا، اسکیم کے تحت دکانداروں کو کم ازکم 25ہزار روپے ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔ اہل دکانداروں کو پی اوایس اور ڈیجیٹل انوائسنگ سے استثنیٰ حاصل ہوگا، اسکیم سے فائدہ اٹھانیوالے تاجروں کا آڈٹ بھی نہیں کیا جائیگا، رجسٹرڈ تاجروں کو ود ہولڈنگ ایجنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

عالمی جوہری معاہدے سے علیحدہ ہوسکتے ہیں 'ایران کی دھمکی'

تہران (اے این این) اقوام متحدہ کے ایٹمی انرجی کمیشن کے بورڈ آف گورنرز کی جانب سے ایران کو عدم تعاون پر سلامتی کونسل میں بھیجنے کی قرارداد منظور کیے جانے کے بعد تہران اور مغربی ممالک کے درمیان سفارتی اور ایٹمی کشیدگی انتہائی تشویشناک حد تک بڑھ گئی۔ پچیس سال میں پہلی بار پاس ہونے والی اس قرارداد کے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

حوثیوں کا سعودی عرب میں فوجی اڈے پر میزائل اور ڈرون حملے کا دعویٰ

صنعا (اے این این) یمن کے حوثی جنگجوؤں نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے جنوبی سعودی عرب میں واقع شرورہ فوجی اڈے کو ڈرونز اور میزائلوں سے نشانہ بنایا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق حوثیوں کے فوجی ترجمان یحیی سریع نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں کہا کہ حملے میں اسلحے کے گوداموں اور ان کمانڈ اینڈ کنٹرول مراکز کو نشانہ بنایا گیا جوان کے بقول یمن کے خلاف کارروائیوں کی نگرانی کررہے تھے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

دکی: ماں اور بچے صحت کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی ریلی کی قیادت کررہے ہیں

میانوالی میں خاتون 4 بچوں سمیت لاپتہ، مقدمہ درج

میانوالی (اے این این) میانوالی کے نئی آبادی محلہ میانہ سے خاتون 4 بچوں سمیت لاپتہ ہوگئی۔ پولیس کے مطابق لاپتہ خاتون کے شوہر کی مدعیت میں تھانہ سٹی میں مقدمہ درج کرلیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق بیوی کے موبائل کی آخری لوکیشن چک 65 شمالی ضلع سرگودھا ٹریس ہوئی، لاپتہ خاتون کا موبائل فون بعد (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

یمن میں حالات ابتر، امریکا صرف باہر بیٹھ کر صورتحال دیکھ رہا ہے، یمنی سفیر

یمن کو بے حد دشوار چیلنجز درپیش ہیں، یمنی حکومت مستقل امن چاہتی ہے جبکہ حوثی مذاکرات سے انکاری ہیں، بیان

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں یمن کے سفیر محمد مطاہر الاشبعی نے کہا ہے کہ یمن میں حالات انتہائی ابتر ہیں۔ اپنے بیان میں یمنی سفیر مطاہر الاشبعی نے کہا کہ امریکا یمن کے معاملے پر صرف باہر بیٹھ کر صورتحال دیکھ رہا ہے، تیل کی بین الاقوامی گزرگاہ باب المندب بلاک ہورہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ باب المندب کی بندش کا مطلب عالمی توانائی چیلنج ہے، یمن کو بے حد دشوار چیلنجز درپیش ہیں، یمنی حکومت مستقل امن چاہتی ہے جبکہ حوثی مذاکرات سے انکاری ہیں۔

تیل تنصیبات پر حملے کی گونج، سعودی اسٹاک مارکیٹ میں شدید مندی

ریاض (اے این این) سعودی عرب کی اسٹاک مارکیٹ میں اتوار کو کاروبار کے آغاز پر نمایاں کمی دیکھی گئی، جسے گزشتہ ہفتے ملک کی اہم مشرقی۔مغربی تیل پائپ لائن پر ہونے والے ڈرون حملوں کا ابتدائی مارکیٹ ردعمل قرار دیا جارہا ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق سعودی عرب کا بینچ مارک انڈیکس تقریبا ایک فیصد گر گیا۔ الراجحی بینک کے حصص میں 0.8 فیصد جبکہ سعودی عربین مائننگ کمپنی کے حصص میں 2.4 فیصد کمی ہوئی۔ تیل کی (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

قلات: ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری ہندو محلے کے دورے کے موقع پر اقلیتی کمیونٹی کے مسائل سن رہی ہیں

حوثیوں کے سعودی عرب پر نئے حملے، باب المندب پر قبضے سے خطے میں کشیدگی بڑھ گئی

فورسز نے سعودی علاقے نجران میں شرورہ کے قریب ایک فوجی اڈے کو میزائل اور ڈرون حملے کا نشانہ بنایا. حوثی فوجی ترجمان کا دعویٰ

دیگر تجارتی بحری جہازوں کیلئے کوئی خطرہ نہیں، تاہم باب المندب میں بدلتی ہوئی صورتحال نے عالمی منڈیوں میں بے چینی پیدا کردی ہے

قاہرہ (اے این این) یمنی حوثیوں نے سعودی عرب پر نئے میزائل اور ڈرون حملوں کا دعویٰ کیا ہے، جبکہ سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومت نے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے میں حوثیوں کی تیز پیش قدمی کو ایران جنگ کے دوران ایک نئے محاذ پر تکلیف دہ پیش رفت قرار دیا ہے حوثیوں کی جانب سے گزشتہ چند روز کے دوران ایک اہم بندرگاہی شہر اور ''باب المندب آبنائے'' میں واقع ایک جزیرے پر قبضے کے بعد خطے میں تشویش بڑھ گئی ہے باب المندب آبنائے عالمی بحری تجارت کے لیے انتہائی اہم راستہ ہے اور آبنائے ہرمز کے متبادل اہم سمندری راستوں میں شمار ہوتا ہے۔ حوثیوں (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے، قادر پٹیل

ایم کیو ایم مگرمچھ کے آنسو بہانہ بند کرے، پیپلز پارٹی رہنما کا خالد مقبول صدیقی کے بیان پر ردعمل

کراچی (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی قادر پٹیل نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے۔ قادر پٹیل نے ایم کیو ایم رہنما خالد مقبول صدیقی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم نے جب بھی عوامی حمایت کھوئی ہے اس نے تقسیم اور نئے صوبے کا شوشہ چھوڑا۔ قادر پٹیل نے کہا کہ مصطفیٰ کمال ماضی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

سندھ میں ریبیز کا ایک اور کیس رپورٹ، تعداد 23 ہوگئی

کراچی میں 27 سالہ خاتون میں ریبیز کی تصدیق ہوئی ہے

کراچی (اے این این) سندھ میں ریبیز کا ایک اور کیس سامنے آیا ہے، جس کے بعد ریبیز کیسز کی تعداد 23 ہوگئی۔ جناح اسپتال کراچی میں 27 سال کی خاتون میں ریبیز کی تصدیق ہوئی ہے، متاثرہ خاتون کا تعلق ٹنڈوالہیار سے ہے جسے چھ ماہ قبل دائیں ٹخنے پر آوارہ کتے نے کاٹا تھا، خاتون کو کتے کے کاٹنے کے بعد اینٹی ریبیز ویکسین کی تین خوراکیں لگوائی (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

ایران کے قشم جزیرے کے قریب کمرشل جہاز پر حملہ، ایک شخص جاں بحق، 3 افراد زخمی

تہران (اے این این) ایران کے قشم جزیرے کے قریب ایک ایرانی کمرشل جہاز کو حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی حکام کے مطابق کمرشل جہاز پر حملے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ دوسری جانب برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی کا کہنا ہے کہ اتوار کی صبح آبنائے ہرمز میں ایک بحری جہاز پر میزائل حملہ ہوا ہے۔ فوری طور پر عملے اور جہاز کو پہنچنے والے ممکنہ نقصان کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہوسکا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

ایران سعودی عرب کے ساتھ حالتِ جنگ میں نہیں، ایرانی صدر

خطے کے تمام ممالک کو ایک میز پر بیٹھ کر خطے میں امن اور سلامتی قائم کرنی چاہیے، بیان

تہران (اے این این) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران سعودی عرب کے ساتھ حالتِ جنگ میں نہیں ہے، حوثیوں کے اپنے مسائل ہیں۔ ایک بیان (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

حساس اور اہم انتظامی امور کو ہوا میں نہیں لایا جا سکتا، جاوید لطیف

یہ نہیں ہوسکتا ایک رات خواب دیکھیں اور پھر نئے صوبے بنا دیں، لیگی رہنما کی پارٹی مشاورتی اجلاس میں گفتگو

لاہور (اے این این) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما میاں جاوید لطیف نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی بحث اور اپنی ہی پارٹی کے اندرونی ڈھانچے پر کڑی تنقید کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

بغیر ٹرائل عمر خالد کی قید کو 6 سال مکمل؛

بھارتی نظام انصاف پر سوالیہ نشان

نئی دہلی (اے این این) مودی کے ہندوتوا راج نے مسلمان ہونا ہی دہشت گردی کا مضحکہ خیز الزام لگانے کے لیے کافی بنا دیا، دہلی فسادات کے دوران اشتعال انگیز تقاریر کرنے والے بی جے پی رہنما آزاد جبکہ عمر خالد تاحال قید میں ہے۔ بھارتی متنازع ایکٹ کے تحت بغیر ٹرائل کے قید عمر خالد ضمانت کے حق سے بھی محروم ہے۔ بھارتی جریدہ دی کوئنٹ کے مطابق چھ سال سے جیل میں قید عمر خالد گھٹن اور سانس رکنے کے احساس (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ ہوتا نظر نہیں آرہا، شیر افضل مروت

یہ بات چیت بھی چل رہی ہے کہ اگر احتجاج منسوخ کیا جائے تو بشری بی بی کو ریلیف مل سکتا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا لانگ مارچ ہوتا نظر نہیں آرہا، یہ منتیں کررہے ہیں کہ کوئی فیس سیونگ مل جائے۔ ایک انٹرویو میں شیر افضل مروت نے دعویٰ کیا کہ بات چیت چل رہی ہے احتجاج منسوخ کیا جائے تو بشری بی بی کو ریلیف مل سکتا ہے۔ شیر افضل مروت کا کہنا ہے کہ میں نے زندگی میں کسی کے کہنے پر کبھی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

راولپنڈی، حنا جاوید قتل کیس میں اہلخانہ کا شواہد میں ٹیمپرنگ اور تفتیش پر عدم اعتماد

قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو فوری مداخلت کیلئے دوسرا خط بھی ارسال، جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی میں حنا جاوید قتل کیس میں اہلخانہ نے شواہد میں ٹیمپرنگ اور تفتیش پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے قومی کمیشن برائے انسانی حقوق کو فوری مداخلت کے لیے دوسرا خط ارسال کردیا۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ مرکزی ملزم فیصل اصغر کا بھائی کامل اصغر کیس پر اثرانداز ہونے کی کوشش کررہا ہے۔ غیر جانبدارانہ تفتیش نہ ہونے اور شواہد کو ٹیمپر (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

آبنائے ہرمز پر عرب ممالک کے وزرائے خارجہ کے ساتھ اجلاس آج عمان میں ہوگا، ایرانی صدر

ایران اور عمان پہلے ہی آبنائے ہرمز کے حوالے سے مخصوص فریم ورک پر اتفاق کرچکے ہیں

نئی دہلی (اے این این) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں محفوظ جہاز رانی کے نئے فریم ورک پر حتمی معاہدے کے لیے اہم اجلاس آج (پیر) کو عمان میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس اجلاس میں عرب ممالک کے وزرائے خارجہ بھی شریک ہوں گے۔ نئی دہلی میں برکس سربراہی اجلاس کے موقع پر بھارتی ٹی وی چینل انڈیا ٹوڈے کو دیئے گئے ایک خصوصی (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

دادو، ڈی ایس پی کی پولیس موبائل کو حادثہ، ایک شخص جاں بحق، 7 اہلکار زخمی

زخمیوں کو لے جانے کیلئے اسپتال میں ایمبولینس نہ ہونے کا انکشاف

دادو (اے این این) سندھ کے شہر دادو میں ایک پولیس موبائل کو حادثہ پیش آیا ہے جس کے باعث ایک شخص جاں بحق اور سات اہلکار زخمی ہوگئے ہیں، جب زخمیوں کو اسپتال لے جایا گیا تو انکشاف ہوا کہ ضلعی اسپتال میں ایمبولینس ہی موجود نہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈی ایس پی علی اکبر چنہ کی پولیس موبائل ناڑیوال کے قریب سڑک پر مبینہ مشکوک کار کا پیچھا (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

سہیل آفریدی کا کل لاہور میں پنجاب اسٹریٹ موومنٹ لائحہ عمل دینے کا اعلان

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے کارکنوں کے خلاف کریک ڈاؤن کی مذمت کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ کل لاہور میں پنجاب اسٹریٹ موومنٹ کا لائحہ عمل دوں گا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پیغام میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل افریدی نے کہا کہ لاہور میں مبینہ طور پر پولیس تشدد کے باعث جاں بحق ہونے والے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کراچی پورٹ کی تاریخی کارکردگی، خلیجی تنازع میں نئے تجارتی مواقع اور پاکستان کی بڑھتی بحری صلاحیت

اسلام آباد (یو این اے) کراچی پورٹ کی تاریخی کارکردگی سے خلیجی تنازع میں نئے تجارتی مواقع اور پاکستان کی بڑھتی بحری صلاحیت اجاگر ہوئی ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت کراچی پورٹ 138 سال سے پاکستان کی بحری تجارت میں مرکزی کردار ادا کررہا ہے۔ گزشتہ مالی سال کراچی پورٹ نے اپنی تاریخ میں سب سے زیادہ کارگو اور کنٹینرز (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کوئٹہ، صوبائی وزیرداخلہ میرضیاء اللہ لانگو سے مختلف وفود ملاقات کررہے ہیں

بلوچستان کے نوجوان بندوق کی بجائے قلم کو اپنائیں' صوبائی وزراء

غلط پروپیگنڈے کا شکار نوجوان قلم کے ذریعے صوبے اور ملک کی خدمت کریں' شعیب نوشیروانی' بخت کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کے لیے نوجوان نسل کو اپنا بھرپور اور مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، نوجوان صوبے کا قیمتی سرمایہ ہیں، انہیں کسی بھی منفی پروپیگنڈے کا حصہ بننے کے بجائے اپنی صلاحیتیں تعلیم، تحقیق، قلم اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے ملک اور صوبے کی خدمت کے لیے بروئے کار لانی چاہئیں بلوچستان ایک خوشحال صوبہ ہے اور رہے گا حکومت کسی بھی صورت ایسے عناصر کو برداشت اور معاف نہیں کریگی جو صوبے اور عوام کیلئے خطرہ ہوں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی' صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ' میر ظہور احمد بلیدی اور حاجی نور محمد دمڑ نے الگ الگ بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزراء نے اپنے بیان میں کہا کہ جو نوجوان غلط راستے اختیار کرکے ملک اور صوبے کے خلاف (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

جعفرآباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) جعفرآباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا۔ پولیس کے مطابق جعفراباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار صحبت پور چوک پر قائم پرائیویٹ کلینک میں ایک عطائی ڈاکٹر نے بخار کے لیے ایک آٹھ سالہ بچے کو انجکشن لگایا انجکشن ریکشن کرنے کے باعث بچے نے ماں باپ کے سامنے تڑپ کر جان دیدی بچے کی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

سکھر پولیس کی کامیاب کارروائیاں، اقدام قتل اور ڈکیتی کے مقدمات میں 2 اشتہاری ملزمان گرفتار

ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری کے تحت احکامات پر روپوش ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

سکھر (اسلم سومرو) ترجمان سکھر پولیس کے جاری بیان کے مطابق ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP,QPM کے تحت احکامات برائے روپوش اشتہاری ومطلوب ملزمان کی گرفتاری کو مدنظر رکھتے ہوئے سکھر پولیس کی کامیاب کارروائیاں جاری ہیں، گذشتہ روز ایس ایچ او تھا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

ملک کے مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد، پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبرپختونخوا اور گلگت بلتستان میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق ملک کے 115 مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو کی ذیلی قومی مہم 27 ستمبر تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

جعفرآباد میں سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حفاظتی بندات کی مضبوطی کا کام تیز

حفاظتی بندات کی تعمیر و مضبوطی منظور شدہ پی سی ون کے مطابق مقررہ معیار اور رفتار سے مکمل کی جائے، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

جعفرآباد (اے این این) سیلابی صورتحال اور ہنگامی حالات کے دوران عوام کو محفوظ رکھنے کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے پیشگی حفاظتی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، جس کے تحت مین حیردین ڈرینج سمیت دیگر اہم ڈرینجز کے حفاظتی بندات کو مضبوط بنانے کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے مین حیردین ڈرینج، جھٹ پٹ ڈرین اور روجھان جمالی کے حفاظتی بندات کا تفصیلی دورہ کرکے جاری تعمیراتی وترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اور منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسران سیف اللہ ہنگڑئی اور عابد علی کھوسہ نے ڈپٹی کمشنر کو جاری کام، حفاظتی بندات کی مضبوطی اور ترقیاتی منصوبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ گل حسن کھوسہ اور امتیاز علی کھوسہ بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

عوامی خدمت اور ترقیاتی عمل پی پی پی کا منشور ہے، سردارزادہ فیصل جمالی

اوستہ محمد سمیت حلقہ انتخاب جلد ترقی کی نئی منزلیں طے کرے گا، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر لائیواسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

اوستا محمد پولیس کا سندھ کے علاقے میں ڈاکوؤں کے ٹھکانوں پر بڑا کریک ڈاؤن

ڈاکوؤں چوروں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں' ایس ایس پی

اوستا محمد (اے این این) اوستا محمد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے سندھ کے علاقے جعفرآباد میں ڈاکوؤں کے مبینہ ٹھکانوں پر بڑا کریک ڈاؤن کیا کارروائی کے دوران مختلف وارداتوں میں چھینی اور چوری کی گئی موٹرسائیکلیں (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

42ویں عالمی نمائش میں بڑے برآمدی معاہدوں کا امکان

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمن اور چیئرمین ایگزیکٹیو کمیٹی ریاض احمد نے کہا ہے کہ آئندہ ماہ لاہور میں منعقد ہونے والی ہاتھ سے بنے قالینوں کی 42ویں عالمی نمائش کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں، مختلف ممالک سے خریداروں کی رجسٹریشن کا عمل تاحال جاری ہے اور قوی امید ہے کہ عالمی نمائش میں بڑے پیمانے پر برآمدی معاہدے ہوں گے جس سے نہ صرف ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ حاصل ہوگا (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

نیا موسمی سسٹم اثرانداز، کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں بارش کا امکان

کراچی (اے این این) خلیج بنگال اور بھارت میں بننے والے ہوا کے کم دباؤ کے سبب کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بھارتی ریاست چھتیس گڑھ پر موجود ہوا کا ایک کم دباؤ اب مدھیہ پردیش اور ملحقہ علاقے پر موجود ہے۔ جس کے مغرب اور شمال مغرب کی جانب بڑھنے کا امکان ہے۔ حالیہ سسٹم کے زیراثر پیر اور منگل کو کراچی میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج سے 15 ستمبر (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

لورالائی: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع انسداد بھنگ منشیات کے کاشت کے خلاف کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور: شہری انارکلی چوک میں لگائے گئے سٹال پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

حوثیوں کے حملے، برطانیہ کا سعودی اور یمنی حکومت سے بھرپور اظہار یکجہتی

سعودی اور برطانوی وزرائے خارجہ میں ٹیلیفونک رابطہ ہوا، خطے کی تازہ صورتحال اور حوثیوں کے حملے پر گفتگو

لندن (اے این این) برطانیہ نے حوثیوں کے حملوں کے پیش نظر سعودی اور یمنی حکومت سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق سعودی وزیرخارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور برطانوی وزیرخارجہ ایڈملی بینڈ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے جس میں دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ صورتحال اور حوثیوں کے حملے پر گفتگو کی۔ برطانوی وزیرخارجہ نے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

عراق ہمسایہ ممالک کے خلاف حملوں کیلئے لانچنگ پیڈ نہیں بنے گا، عراقی وزیراعظم

سعودی عرب پر حملوں کی تحقیقات کیلئے اعلی سطح کی کمیٹی قائم کردی ہے، علی فالح الزیدی

بغداد (اے این این) عراقی وزیراعظم علی فالح الزیدی نے اعلان کیا ہے کہ عراق ہمسایہ ممالک کے خلاف حملوں کیلئے لانچنگ پیڈ نہیں بنے گا۔ شامی خبررساں ادارے سانا کے مطابق عراقی وزیراعظم نے کہا کہ عراقی سرزمین سے ہمسایہ ممالک کے خلاف کسی بھی سرگرمی کو روکا جائے گا، ہم اپنی سرزمین پڑوسی ممالک کیخلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے، عراق کی سلامتی اور قومی خودمختاری کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری سلامتی کونقصان پہنچانے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

نیویارک میں قید وینزویلا کے سابق صدر کی اہلیہ کو ہارٹ اٹیک کا خدشہ

امریکی وفاقی عدالت سے اپنی حراست ختم کرکے مین ہٹن میں گھر پر نظر بند رکھنے کی درخواست

نیویارک (اے این این) وینزویلا کے سابق صدر نکولس مادورو کی اہلیہ سیلیا فلورس نے دل کی بگڑتی ہوئی بیماری کے باعث امریکی وفاقی عدالت سے اپنی حراست ختم کرکے مین ہٹن میں گھر پر نظر بند رکھنے کی درخواست کردی۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق 69 سالہ سیلیا فلورس کے وکلا کے مطابق جنوری میں وینزویلا میں امریکی فوجی کارروائی کے بعد حراست میں لیے جانے کے دوران ان کی دل کی حالت مزید خراب ہوگئی ہے۔ عدالت میں جمع کرائی گئی درخواست کے مطابق سیلیا فلورس کو اس سے قبل دل کے وال کے ایک عارضے، مائٹرل والو پرولاپس، کے علاج کیلئے صرف ماہانہ انجکشن کی ضرورت ہوتی تھی، تاہم اب وہ کئی ادویات استعمال کررہی ہیں، جن میں اسپرین، اسٹیٹن، ڈلٹیازیم اور نائٹروگلسرین شامل ہیں۔ وکلا کا کہنا ہے کہ بیرونی طبی ماہرین کے خیال میں سیلیا فلورس دورانِ حراست ہلکے درجے کے ہارٹ اٹیک کا بھی شکار ہوچکی ہیں، ڈاکٹروں (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ببری واقعہ، سسرالی خاندان کا پریس کانفرنس میں تیزاب گردی کا الزام مسترد

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے علاقے ببری میں گزشتہ روز پیش آنے والے واقعے کے حوالے سے متاثرہ خاتون کے سسرالی خاندان نے میڈیا پر سامنے آنے والی اطلاعات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے واقعے کی اصل حقیقت سامنے لانے اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ خاتون کے سسرالی رشتہ داروں نے قرآن پاک ہاتھوں میں اٹھا کر سراوان پریس کانفرنس کلب مستونگ میں ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ مذکورہ خاتون گزشتہ تقر (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

عمران خان کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی رہنما اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھہ کے خلاف بجلی چوری کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ کھانا پھیرا میں درج کیا گیا۔ مقدمہ ایس ڈی او فیسکو محمد عاطف ضیاء کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق واپڈا اہلکاروں نے 9 ستمبر کو بجلی کا میٹر مشکوک جان کر اسے لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھجوایا۔ فیسکو حکام کے مطابق لیبارٹری کی رپورٹ آنے کے بعد مقدمے کا اندراج کیا گیا۔ بجلی (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

یمن، حوثی تنظیم انصار اللہ کا بحیرہ احمر کے جزیرے میون پر قبضے کا دعویٰ

سعودیہ نے یمن پر 48 گھنٹوں میں 129 حملے کئے ہیں، حملوں کا جواب دیا جائے گا، انصار اللہ

صنعا (اے این این) یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ نے بحیرہ احمر کے اسٹریٹجک جزیرے میون پر قبضے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ تنظیم نے سعودی حمایتی فورسز کے زیرِ استعمال امریکی ساختہ بکتر بند ٹینک، فوجی ساز وسامان ضبط کرنے کا بھی دعویٰ کیا ہے اور کہا ہے کہ سعودی عرب میں اسلحہ ڈپو اور کمانڈ مراکز کو نشانہ بنایا گیا ہے جبکہ سعودی عرب نے یمن پر 48 گھنٹوں میں 129 حملے کئے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق جزیرہ میون پر قبضے کے بعد حوثیوں کا باب المندب پر مکمل کنٹرول ہوگیا ہے، گزشتہ روز انصار اللہ نے آبنائے باب المندب پر گرفت مضبوط ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔ انصار اللہ نے سعودی حمایتی فورسز کے زیر استعمال امریکی ساختہ بکتر بند ٹینک پر بھی قبضے کا دعویٰ کیا ہے۔ عرب میڈیا کا کہنا ہے کہ انصار اللہ نے سعودی حمایتی فورسز کو 5400 مربع کلومیٹر کے علاقے سے پسپا کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ انصار اللہ نے قبضہ کیے ہوئے علاقے سے لاکھوں ڈالرز کا فوجی (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

محمود خان اچکزئی کی اختر مینگل سے ملاقات، موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

ملاقات میں آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل اور باہمی مشاورت کو آگے بڑھانے سے متعلق امور بھی زیرغور آئے

15 ستمبر کو اسلام آباد میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہی اجلاس کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی

کراچی (اے این این) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان اور ملک کی مجموعی سیاسی و علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ 15 ستمبر کو اسلام آباد میں ہونے والے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہی اجلاس کے حوالے سے بھی مشاورت کی گئی۔ ملاقات کے موقع پر سندھ یونائٹڈ پارٹی کے سربراہ سید زین شاہ، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے معاشی ترجمان محمد زبیر، بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنما ساجد ترین ایڈووکیٹ، تحریک کے ترجمان اخونزادہ حسین احمد یوسفزئی اور رہنما آغا حسن بلوچ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل اور (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کوئٹہ، سابق چیئرمین سینٹ ورکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی، سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی کی وفات پرتعزیت اورفاتحہ خوانی کررہے ہیں

سرکاری گودام خالی، بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا

5 لاکھ بوریاں خریدنے کی منظوری، محکمہ خزانہ سے فنڈز تاحال جاری نہ ہوسکے گندم کی خریداری وترسیل میں ایک ماہ لگے گا

فنڈز دستیاب ہوتے ہی پاکستان ایگریکلچر اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن سے گندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائے گی، حکام

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا ہے، محکمہ اجناس کے مطابق صوبائی حکومت کے سرکاری گوداموں میں اس وقت گندم کی ایک بوری بھی موجود نہیں۔ محکمہ اجناس کے مطابق بلوچستان حکومت نے 5 لاکھ بوری گندم کی خریداری کی منظوری دے دی ہے، تاہم منظوری کے باوجود محکمہ خزانہ کی جانب سے تاحال مطلوبہ فنڈز جاری نہیں کیے گئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ فنڈز دستیاب ہوتے ہی پاکستان ایگریکلچر اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن سے گندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائے گی۔ تاہم گندم کی خریداری کے بعد اسے مقامی سرکاری گوداموں تک پہنچانے میں تقریبا ایک ماہ کا وقت درکار ہوگا۔ حکام کے مطابق گندم کے ذخائر کی عدم دستیابی کے باعث بروقت خریداری اور ترسیل ضروری ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)